100 شرعی مسائل کا مجموعہ

(حصہ-6)

مصنف

ابو البنات محمد فراز عطاری مدنی مدظلہ العالی

نظر ثانی: ابو احمد مفتی انس رضا قادری مدنی

الحمد للہ اب تک 31 کتابیں پی ڈی ایف کی صورت میں آچکی ہیں جن میں سے 8 اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے رسالوں کی تلخیص ہیں۔رسالوں کے نام یہ ہیں:

(1) نبی ہمارے بڑی شان والے(تجلی الیقین)

(2) والدین مصطفی جنتی جنتی(شمول الاسلام)

(3) دافع البلاء (الامن و العلی)

(4) نبی مختار کل ہیں(منیۃ اللبیب)

(5) دیدار خدا (منیۃ المنیۃ)

(6) نور مصطفی(صلات الصفا)

(7) سایہ نہیں کوئی(نفی الفئ)

(8) رحمت کا سایہ (قمر التمام)

باقی کتابوں کے نام یہ ہیں:

(9) خلاصہ تراویح(30 پاروں کا اردو خلاصہ)

(10) ھدایۃ البریۃ فی شرح الاربعین النوویہ(اربعین نوویہ کا اردو خلاصہ)

(11) اعلی حضرت اور فن شاعری

(12) غزوہ بدر اور فضائل اہل بدر

(13) جنت البقیع میں آرام فرما چند صحابہ کرام

(14) درس سیرت

(15) پیارے نبی کے پیارے نام

(16) الادعیۃ النبویۃ من الاحادیث المصطفویہ (نبوی دعائیں)

(17) قواعد المیراث

(18) شان صدیق اکبر

(19) خلافت فاروق اعظم

(20) فیضان عثمان غنی

(21) سیرت عبد اللہ شاہ غازی

(22) قیام پاکستان اور علماء اہلسنت

(23) واقعہ کربلا (مختصر)

(24) عدت اور سوگ کے احکام

(25) رزق حلال کے فضائل اور حرام کی نحوستیں

(26) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 1)

(27) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 2)

(28) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 3)

(29) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 4)

(30) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 5)

(31) امیر اہلسنت اور فن شاعری

نوٹ: ان کتابوں کو حاصل کرنے کے لئے
اس نمبر پر واٹس ایپ کریں

03333231223

فہرست

عقائد و معمولات

احادیث و روایات

طھارت

نماز

38- پہلی مرتبہ نماز قضا ہوئی

امامت

39- امام کے ساتھ ایک بالغ اور ایک نابالغ

لقمہ

40- رکوع سے اٹھتے وقت اللہ اکبر کہا تو لقمہ

41- جہری نماز میں سری قراءت کی تو لقمہ

42- سری میں جہری قراءت کی تو لقمہ

43- قراءت میں غلطی ہو تو لقمہ

جنازہ

44- نماز جنازہ میں وضو ٹوٹ جائے

45- نماز جنازہ میں درود

مسافر

46- کسی اور جگہ مستقل رہنے کی نیت

زکوۃ

47- کمیٹی جمع کروانے والے کو زکوۃ

48- ہیرے پر زکوۃ

49- نابالغ کو زکوۃ

حج و عمرہ

50- جعرانہ سے واپسی پر عمرہ کا احرام

51- طواف میں دایاں کندھا کھلا رکھنا

52- احرام میں چوٹ

نکاح

رضاعت

منت

خواتین کے مسائل

متفرق

جائز و ناجائز

کاروبار

وراثت

عقائد و معمولات

FARAZ ATTARI MADANI

1

اللہ کو خدا کہنا

سوال: اللہ پاک کو خدا کہنا کیسا؟

User ID: گلفام

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اللہ پاک کو خدا کہنا بالکل جائز ہے کیونکہ لفظ خدا "خود آ" سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے وہ ذات جو کسی کے موجود کیے بغیر خود سے موجود ہو اور یہ شان صرف اللہ پاک ہی کی ہے اور یہ اللہ پاک کے صفاتی نام الواجد اور المالک کا فارسی ترجمہ ہے اور ہمیشہ سے بزرگانِ دین یہ استعمال کرتے آئے ہیں جیسے شاہ ولی اللہ دہلوی اور شیخ سعدی شیرازی رحمھما اللہ نے کثرت سے لفظ خدا اپنی کتابوں میں ذکر کیا ہے۔ مفتی اعظم ہند مصطفی رضا خان لکھتے ہیں: "اللہ عزوجل پر ہی خدا کا اطلاق ہو سکتا ہے، اور سلف سے لے کر خلف تک ہر قرن میں تمام مسلمانوں میں بلا نکیر اطلاق ہوتا رہا ہے، اور وہ اصل میں خود آ ہے، جس کے معنی ہیں وہ جو خود موجود ہو کسی اور کے موجود کئے موجود نہ ہوا ہو، اور وہ نہیں مگر اللہ عزوجل ہمارا سچا خدا۔" (فتاوی مفتی اعظم ہند، ص7)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

15 جمادی الاخر 1443ھ / 08 جنوری 2023ء

احادیث و روایات

FARAZ ATTARI MADANI

2

چالیس احادیث کا ترجمہ یاد کرنا

سوال: چالیس احادیث یاد کرنے کی فضیلت ترجمہ یاد کرنے سے حاصل ہو گی؟

User ID: حافظ ناصر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حدیث پاک میں چالیس احادیث یاد کرنے کی فضیلت آئی ہے کہ اللہ پاک ایسے شخص کو فقیہ اٹھائے گا، اس حدیث کے مختلف پہلو شارحین نے بیان کیے ہیں جس میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ترجمہ یاد کرنے والے کو بھی یہ فضیلت حاصل ہو گی، چنانچہ مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "چالیس حدیثیں یاد کر کے مسلمان کو سنانا، چھاپ کر ان میں تقسیم کرنا، ترجمہ یا شرح کر کے لوگوں کو سمجھانا، راویوں سے سن کر کتابی شکل میں جمع کرنا، سب ہی اس میں داخل ہیں۔ یعنی جو کسی طرح دینی مسائل کی چالیس حدیثیں میری امت تک پہنچادے تو قیامت میں اس کا حشر علمائے دین کے زمرے میں ہو گا اور میں اس کی خصوصی شفاعت اور اس کے ایمان اور تقوٰے کی خصوصی گواہی دوں گا ورنہ عمومی شفاعت اور گواہی تو ہر مسلمان کو نصیب ہو گی۔" (مرآۃ المناجیح، جلد 1، صفحہ 249)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 جمادی الاخر 1443ھ / 01 جنوری 2023ء

عورت گھر اور گھوڑے میں نحوست

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث ہے کہ عورت، گھر اور گھوڑے میں نحوست ہے؟ اگر ہے تو وضاحت فرمادیں۔

User ID: صاحبزادہ حامد عزیز گولڑوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

حدیث کی مختلف کتابوں میں یہ روایت موجود ہے اور شارحین نے اس کے مختلف معانی بیان کیے ہیں جن میں سے ایک معنی یہ ہے کہ اگر نحوست کسی چیز میں ہوتی تو ان تینوں میں ہوتی لیکن نحوست کسی چیز میں نہیں اور تقریبا انہی الفاظ کے ساتھ بخاری شریف میں صریح روایت موجود ہے۔ مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث پاک کی شرح میں لکھتے ہیں: " اس حدیث کے بہت معنی کیئے گئے ایک یہ کہ اگر کسی چیز سے نحوست ہوتی تو ان تین میں ہوتی، دوسرے یہ کہ عورت کی نحوست یہ ہے کہ اولاد نہ جنے اور خاوند کی نافرمان ہو، مکان کی نحوست یہ ہے کہ تنگ ہو وہاں اذان کی آواز نہ آئے اور اس کے پڑوسی خراب ہوں، گھوڑے کی نحوست یہ ہے کہ مالک کو سواری نہ دے، سرکش ہو۔ بہر حال یہاں شوم سے مراد بدفالی نہیں کہ اس کی وجہ سے رزق گھٹ جائے یا آدمی مر جائے کہ اسلام میں بدفالی ممنوع ہے۔ (مرآۃ المناجیح، ج5، ص8)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

09 جمادی الاخر 1443ھ / 02 جنوری 2023ء

4

قرب قیامت مال کی کثرت

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث ہے کہ قیامت کے قریب مال کی کثرت ہو گی اور زکوۃ لینے والا کوئی نہیں ہو گا؟

User ID: محمد عثمان صدیقی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسلم شریف کی حدیث پاک ہے: "لا تقوم الساعة حتى يكثر المال، ويفيض حتى يخرج الرجل بزكاة ماله، فلا يجد أحدا يقبلها منه وحتى تعود أرض العرب مروجا وأنهارا" ترجمہ: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی جب تک مال کی کثرت اور ایسی فراوانی نہ ہو جائے کہ آدمی اپنی زکوۃ لے کر نکلے گا اور لینے والا کوئی نہیں ملے گا اور جب تک عرب کی زمین چراگاہوں اور نہروں کی طرف نہ لوٹ جائے۔ (مسلم، حدیث 157)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

11 جمادی الاخر 1443ھ/04 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

5

خوف ومرض کی وجہ سے ترک جماعت

سوال: بہار شریعت میں ابو داؤد کے حوالے سے ایک حدیث ہے کہ خوف یا مرض ترک جماعت کا عذر ہیں تو یہاں خوف اور مرض سے کیا مراد ہے؟

User ID: محمد آفتاب اشرفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شارحین حدیث اور صاحب بہار شریعت نے اس کی یہ وضاحت کی ہے کہ خوف سے مراد ظالم کا خوف ہے جو اس کے مال، جان یا عزت کو نقصان پہنچائے گا، یا یہ تنگ دست ہے اور قرض خواہ کا خوف ہے، یا یہ کسی مریض کے پاس ہے اور مریض کو اس کے جانے سے گھبرانے کا خوف ہے اور کوئی اس کی دیکھ بھال کرنے والا بھی نہیں، یا موذی جانور درمیان میں حائل ہے اور اس کے نقصان پہنچانے کا اندیشہ ہے۔ مرض سے مراد وہ بیماری ہے جس میں مسجد کی طرف جانے میں سخت مشقت ہو، معمولی مشقت جیسے سر میں درد یا ہلکا بخار مراد نہیں۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ ایسا مرض جس میں تیمم کرنا جائز ہو جائے۔ (بہار شریعت، ج1، ص584،583 مرقاۃ، ج3، ص839، شرح ابو داؤد للرسلان، ج3، ص549)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

13 جمادی الاخر 1443ھ / 06 جنوری 2023ء

6

عشرہ ذوالحجہ کی فضیلت

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث ہے کہ عشرہ ذوالحجہ اللہ کے نزدیک بہترین ہیں؟

User ID: حبیب علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

حدیث کی کتابوں میں الفاظ کے فرق کے ساتھ یہ روایت موجود ہے، چنانچہ ابوداؤد شریف میں ہے: "ما من أيام العمل الصالح فيها أحب إلى الله من هذه الأيام يعني أيام العشر" ترجمہ: (ذو الحجہ) کے ان دس دنوں سے زیادہ کسی دن کا نیک عمل اللہ کو اتنا محبوب نہیں۔ (ابوداؤد، 2438)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

14 جمادی الاخری 1443ھ/07 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

7

لوگوں سے ان کے مقام کے مطابق سلوک

سوال: مشکوۃ کی اس حدیث کی شرح بتادیں کہ لوگوں سے ان کے مقام کے مطابق برتاؤ کرو؟

User ID: ایان مصطفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:" یعنی تمہارے پاس جس حیثیت کا آدمی آوے اس کی تواضع خاطر، اعزاز و اکرام اس کی حیثیت کے لائق کرو، حضرت عائشہ صدیقہ کھانا کھارہی تھیں ایک اجنبی سائل دروازے سے گزرا آپ نے اسے روٹی کا ٹکڑا بھیج دیا، ایک اجنبی گھوڑا سوار گزرا تو آپ نے اس سے کہلا کر بھیجا کہ اگر آپ کو کھانے کی خواہش ہو تو کھانا حاضر ہے، کسی نے ام المؤمنین سے اسی فرق کی وجہ سے پوچھی تو آپ نے یہ ہی حدیث پڑھی معاملات عقائد بلکہ عبادات میں فرق مراتب کرنا ضروری ہے۔" (مرآۃ، جلد6، صفحہ 812)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

16 جمادی الاخر 1443 ھ /09 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

8

آدم علیہ السلام کی توبہ حضور ﷺ کے وسیلے سے قبول ہوئی

سوال: کیا یہ درست ہے کہ آدم علیہ السلام کی توبہ حضور ﷺ کے وسیلے سے قبول ہوئی ؟ حوالہ دیں۔

User ID: حافظ عامر حمزہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

کئی کتابوں میں یہ روایت موجود ہے، چنانچہ امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ روایت کرتے ہیں: "حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب حضرت آدم علیہ السلام سے (اجتہادی) خطاء ہو گئی تو انہوں نے عرض کی: اے میرے رب! میں تجھے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وسیلہ دیتا ہوں ان کے صدقے میری توبہ قبول فرما، اللہ پاک نے فرمایا: اے آدم! تم نے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو کیسے جانا حالانکہ میں نے ابھی ان کو پیدا نہیں کیا؟ حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کیا: اے میرے رب! جب تو نے مجھے اپنے دست قدرت سے پیدا کیا اور تو نے مجھ میں روح ڈالی تو میں نے سر اٹھا کر دیکھا تو عرش کے پایوں پر "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" لکھا ہوا تھا، تو میں نے جان لیا کہ تو نے جس کے نام کو اپنے نام کے ساتھ ملا کر لکھا ہے وہ تجھ کو تمام مخلوق میں سب سے زیادہ محبوب ہے۔ اللہ پاک نے فرمایا: اے آدم تم نے سچ کہا وہ مجھے مخلوق میں سب سے زیادہ محبوب ہے اور تو نے ان کے وسیلہ سے سوال کیا ہے اس لیے میں نے تم کو بخش دیا اور اگر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پیدا نہ کرتا تو میں تجھے بھی پیدا نہ کرتا۔

(دلائل النبوۃ، ص ۴۸۹، مستدرک، ج2، ص672)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

16 جمادی الاخر 1443ھ / 09 جنوری 2023ء

9

نرد شیر کی ممانعت

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث ہے کہ جس نے نرد شیر کھیلا اس نے خنزیر کے خون سے ہاتھ رنگ لئے؟

User ID: احمد خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسلم شریف کی حدیث پاک ہے: "من لعب بالنردشیر فکانما صبغ یدہ فی لحم خنزیر ودمہ" ترجمہ: جس نے نرد شیر کھیلا تو گویا اس نے اپنے ہاتھ خنزیر کے گوشت اور خون میں رنگ دیے۔ (مسلم، حدیث 2260)

شرح: سؤر کے گوشت وخون میں ہاتھ سانا اسے نجس بھی کرتا ہے اور گھنونا عمل بھی ہے اس لیے اس سے تشبیہ دی گئی۔ خیال رہے کہ نرد شیر کی حرمت پر امت کا اجتماع ہے۔ (مرآۃ، جلد 6، صفحہ 338)

معجم المعانی میں ہے: ایک کھیل جو دوہری بساط پر کھیلا جاتا ہے ایک ڈبیا میں کنکریاں یا پلاسٹک کی گوٹیں ہوتی ہیں اور دو نگ ہوتے ہیں جن کو ہلا کر جیسا نگ نکل اتا ہے اس کے مطابق کنکریاں یا گوٹیں آگے بڑھائی جاتی ہیں۔ (ایپ)

موسوعہ کویتیہ میں ہے: نرد کی بنیاد اٹکل اور تخمینہ پر ہوتی ہے۔ (مترجم، ج40، ص255)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

14 جمادی الاخر 1443ھ / 07 جنوری 2023ء

10

انسان سننے اور دیکھنے والا

سوال: اللہ پاک نے سورۃ الانسان (الدھر) میں فرمایا کہ ہم نے انسان کو دیکھنے سننے والا بنایا حالانکہ انسان تو اندھے بہرے بھی ہوتے ہیں۔ کچھ وضاحت کر دیں؟

User ID: بلال کھتری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اللہ کریم نے سورۃ الدھر (الانسان) کی آیت 2 میں ارشاد فرمایا: "فَجَعَلْنٰهُ سَمِیْعًۢا بَصِیْرًا" ترجمہ: تو ہم نے اسے سننے والا، دیکھنے والا بنا دیا۔ اس آیت میں انسان کی عمومی ساخت کو بیان کیا گیا ہے کہ انسان سننے، دیکھنے وغیرہ کی خوبیوں کے ساتھ پیدا کیا گیا ہے اگرچہ بعض لوگ ان خوبیوں سے محروم بھی ہوتے ہیں۔ اس آیت میں موجود لفظ سمیع وبصیر کے مختلف معنی کیے گئے ہیں، ایک معنی یہ بھی ہے کہ انسان کو عقل وشعور والا بنایا، اس معنی کے اعتبار سے اعتراض باقی نہیں رہتا کہ جو نابینا یا سماعت سے محروم ہوتے ہیں ان میں بھی عقل وشعور تو ہوتا ہے۔ تفسیر رازی میں ہے: والسمع والبصر كنايتان عن الفهم والتمييز۔۔۔ وأيضا قد يراد بالسميع المطيع۔۔۔ وبالبصير العالم۔ ومنهم من قال: بل المراد بالسمع والبصر الحاستان المعروفتان. والله تعالى خصهما بالذكر لأنهما أعظم الحواس وأشرفها ترجمہ: سمع وبصر عقل شعور سے کنایہ ہیں، اور سمیع سے مراد اطاعت گزار اور بصیر کی مراد جاننے والا بھی ہو سکتی ہے۔ اور بعضوں نے یہ بھی کہا کہ اس سے مراد معروف حواس (کان، آنکھ) ہیں۔ اور اللہ پاک نے ان دونوں کا خاص ذکر فرمایا کیونکہ یہ دونوں اعلیٰ حواس ہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

17 جمادی الاخر 1443ھ / 10 جنوری 2023ء

11

شیطان کی موت

سوال: شیطان کی موت کے حوالے سے بھی قرآن وحدیث میں کچھ ذکر ہے؟

User ID:عقابی عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قرآن پاک کی آیات میں اس بات کا ذکر موجود ہے کہ شیطان نے نفخہ ثانیہ تک کی مہلت مانگی تاکہ وہ موت کی سختی سے بچ سکے مگر اللہ پاک نے اسے نفخہ اولی تک کی مہلت عطا فرمائی، پھر شیطان کو بھی موت آئے گی۔ نفخہ اولی سے مراد اسرافیل علیہ السلام کے پہلی مرتبہ صور پھونکنا ہے جب ہر چیز انسان، فرشتے، جن وشیاطین فنا ہو جائیں گے۔ اللہ کریم سورۃ الاعراف کی آیت 14 اور 15 میں ارشاد فرماتا ہے: "قَالَ اَنْظِرْنِیْۤ اِلٰى یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ(14) قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ(15) ترجمہ: شیطان نے کہا: تو مجھے اس دن تک مہلت دیدے جس میں لوگ اٹھائے جائیں گے۔ اللہ نے فرمایا: تجھے مہلت ہے۔

صراط الجنان: اور یہ نفخۂ اُولیٰ کا وقت ہے جب سب لوگ مر جائیں گے۔ شیطان مردود نے دوسرے نفخہ (صور پھونکنے) تک یعنی مردوں کے دوبارہ زندہ ہونے کے وقت تک کی مہلت چاہی تھی اور اس سے اس کا مطلب یہ تھا کہ موت کی سختی سے بچ جائے مگر یہ درخواست قبول نہ ہوئی اور اسے پہلے نفخہ تک کی مہلت دی گئی کہ جب پہلی بار صور پھونکا جائے گا تو سب کے ساتھ وہ بھی ہلاک ہو جائے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

17 جمادی الاآخر 1443ھ/10 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

12 شق صدر

سوال: سرکار ﷺ کا سینہ مبارک کس جگہ پر کتنی بار شق کیا گیا؟

User ID: اسلم قریشی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نبی پاک ﷺ کا سینہ مبارک چار مرتبہ شق ہوا۔ پہلی مرتبہ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے گھر پر، پھر دس سال کی عمر میں، اس کے بعد غار حرا میں وحی کے نزول سے پہلے اور چوتھی مرتبہ شب معراج کعبۃ اللہ میں۔ علامہ عبد المصطفی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: ”حضرت مولانا شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے سورۂ "الم نشرح" کی تفسیر میں فرمایا ہے کہ چار مرتبہ آپ ﷺ کا مقدس سینہ چاک کیا گیا اور اس میں نور و حکمت کا خزینہ بھرا گیا۔ پہلی مرتبہ جب آپ صل ﷺ حضرت حلیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر تھے جس کا ذکر ہو چکا۔ اس کی حکمت یہ تھی کہ حضور ﷺ ان وسوسوں اور خیالات سے محفوظ رہیں جن میں بچے مبتلا ہو کر کھیل کود اور شرارتوں کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ دوسری بار دس برس کی عمر میں ہوا تاکہ جوانی کی پر آشوب شہوتوں کے خطرات سے آپ بے خوف ہو جائیں۔ تیسری بار غارِ حرا میں شق صدر ہوا اور آپ ﷺ کے قلب میں نور سکینہ بھر دیا گیا تاکہ آپ وحی الٰہی کے عظیم اور گراں بار بوجھ کو برداشت کر سکیں۔ چوتھی مرتبہ شب معراج میں آپ ﷺ کا مبارک سینہ چاک کر کے نور و حکمت کے خزانوں سے معمور کیا گیا، تاکہ آپ کے قلب مبارک میں اتنی وسعت اور صلاحیت پیدا ہو جائے کہ آپ دیدار الٰہی عزوجل کی تجلیوں، اور کلام ربانی کی ہیبتوں اور عظمتوں کے متحمل ہو سکیں۔ (سیرت مصطفی، ص79،80)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

19 جمادی الاخر 1443ھ / 12 جنوری 2023ء

13

سنت کا تارک ولی نہیں

سوال: کیا ایسی کوئی روایت ہے کہ اگرچہ ہوا میں کوئی اڑے مگر سنت کا تارک ہو تو ولی نہیں ہو سکتا؟

User ID:قاری سعید سیالوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ابو یزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "لو نظرتم الی رجل اعطی من الکرامات حتی تربع فی الھواء فلا تغتروا بہ حتی تنظروا کیف تجدونہ عند الامر والنھی وحفظ الحدود واداء الشریعۃ" ترجمہ: اگر تم دیکھو کہ ایک شخص جسے یہاں تک کرامات دی گئی ہیں کہ وہ ہوا پر چار زانو بیٹھے تو اس کے دھوکے میں نہ آؤ یہاں تک کہ دیکھو کہ وہ اللہ پاک کے امر و نہی وحفظ حدود اور ادائے شریعت میں کیسا ہے۔ (نزھۃ الناظرین، ص 11)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

22 جمادی الاخر 1443ھ / 15 جنوری 2023ء

14

مقتدی کے وضو کا امام پر اثر

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث ہے کہ مقتدی کا وضو ٹھیک نہ ہو تو امام نماز میں بھولتا ہے؟
User ID: حافظ بابر عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اس طرح کی روایات موجود ہیں مگر امام سے غلطی ہونے کا صرف یہی سبب نہیں بلکہ امام بے توجہی اور بے دھیانی سے بھی غلطی ہو سکتی ہے۔ چنانچہ نسائی کی حدیث ہے: "أن رسول اللہ ﷺ صلی صلاۃ الصبح فقرأ الروم فالتبس علیه، فلما صلی، قال: ما بال أقوام یصلون معنا لا یحسنون الطهور وإنما یلبس علینا القرآن أولئك" ترجمہ: حضور صل ﷺ نے نماز فجر میں سورہ روم کی قرأت کی تو آپ ﷺ کو تشابہ لگ گیا، جب نماز پڑھ چکے تو فرمایا: لوگوں کا کیا حال ہے کہ ہمارے ساتھ نمازیں پڑھتے ہیں طہارت اچھی طرح نہیں کرتے ہم پر یہ ہی لوگ قرآن مشتبہ کر دیتے ہیں۔
(نسائی، ح947)

شرح: یعنی وضو و غسل کی سنتیں و مستحبات پورے ادا نہیں کرتے کیونکہ وضوء میں واجب کوئی نہیں۔ (مرآۃ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 جمادی الاخر 1443ھ / 17 جنوری 2023ء

15

شفعہ سے متعلق احادیث

سوال: زمین کے شفعہ سے متعلق کوئی حدیث موجود ہے؟

User ID:منیر احمد کھوسو

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

شفعہ سے متعلق کئی احادیث موجود ہیں، چند بیان کی جاتی ہیں۔ بخاری شریف میں ہے: " الجار أحق بسقبه " ترجمہ: پڑوسی کو شفعہ کرنے کا حق ہے۔ (بخاری، حدیث2258)

ترمذی میں ہے: " الجار أحق بشفعته، ينتظر به وإن كان غائبا، إذا كان طريقهما واحدا " ترجمہ: پڑوسی کو شفعہ کرنے کا حق ہے اس کا انتظار کیا جائے گا اگرچہ وہ غائب ہو جبکہ دونوں کا راستہ ایک ہو۔ (ترمذی، حدیث 1369)

بہار شریعت میں ہے: " غیر منقول جائداد کو کسی شخص نے جتنے میں خرید ا اُتنے ہی میں اُس جائداد کے مالک ہونے کا حق جو دوسرے شخص کو حاصل ہو جاتا ہے اس کو شفعہ کہتے ہیں۔" (بہار شریعت، جلد3، صفحہ 233)

نوٹ: مزید تفصیل کتب فقہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

25 جمادی الاخر 1443ھ/ 18 جنوری 2023ء

16

منافق مسجد میں ایسا ہے جیسے پرندہ پنجرے میں

سوال: اس حدیث کی شرح بتادیں منافق مسجد میں ایسے ہے جیسے پرندہ پنجرے میں۔

User ID: شہیر رضا عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اولا تو یہ یاد رکھیں کہ محدثین نے فرمایا کہ یہ روایت کتب حدیث میں موجود نہیں، لہذا اس کو حدیث نہ کہا جائے البتہ قول کے طور پر بیان کیا جا سکتا ہے۔ اس قول کا مطلب بظاہر یہ ہے کہ منافق مسجد میں ایسے ناخوش اور بے چین ہوتا ہے جیسے پرندہ پنجرے میں ناخوش ہوتا ہے۔ اسماعیل بن محمد الجراحی لکھتے ہیں: لم اعرفہ حدیثا وان اشتھر بذلک ویشبہ ان یکون من کلام مالک بن دینار ترجمہ: میں نے ایسی کوئی حدیث نہیں پائی، اگرچہ لوگوں میں یہ مشہور ہے اور یہ مالک بن دینار کے قول کے مشابہ ہے۔

(کشف الخفاء، جلد2، صفحہ 294)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26 جمادی الاخر 1443ھ / 19 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

17

الصلاۃ خیر من النوم

سوال: فجر کی اذان میں الصلاۃ خیر من النوم کب سے شامل ہوا؟

User ID:شمیم خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فجر کی اذان میں الصلاۃ خیر من النوم حضور ﷺ کے زمانہ ہی میں حضور ﷺ کے حکم پر شامل کیا گیا تھا۔ چنانچہ طبرانی میں ہے: ”أنه أتى النبى يؤذنه بالصلاة فوجده راقدًا فقال: الصلاة خير من النوم، فقال عليه الصلاة والسلام: ما أحسن هذا اجعله فى أذانك“ ترجمہ: حضرت بلال رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں نماز کے لئے اٹھانے کے لئے حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو آرام کرتے ہوئے پایا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کہا الصلاۃ خیر من النوم تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کلمات کتنے اچھے ہیں ان کو اپنی (فجر کی) اذان میں شامل کر لو۔

(طبرانی، جلد1، صفحہ 355)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26 جمادی الاخر 1443ھ / 19 جنوری 2023ء

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

18

جنازے میں 40 مسلمان

سوال: کیا یہ حدیث ہے کہ جس کے جنازے میں 40 مسلمان ہوں اس کی بخشش ہو جاتی ہے؟

User ID: محمد اعظم

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

مسلم شریف کی حدیث پاک ہے، عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنھما کہتے ہیں: ”فإني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: ما من رجل مسلم يموت فيقوم على جنازته أربعون رجلا لا يشركون بالله شيئا، إلا شفعهم الله فيه“ ترجمہ: میں نے رسول صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو فرماتے سنا کہ ایسا کوئی مسلمان نہیں جو مر جائے پھر اس کے جنازے پر چالیس آدمی کھڑے ہوں جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتے ہوں مگر یہ کہ اللہ ان کی سفارش اس میت کے بارے میں ضرور قبول فرماتا ہے۔ (مسلم، حدیث 948)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

30 جمادی الاخری 1443ھ / 23 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

19

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی حیا مبارک

سوال: یہ کہنا کیسا کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کنواری لڑکی سے بھی زیادہ حیا والے تھے؟

User ID: محمد اویس

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

یہ در اصل بخاری شریف کی حدیث پاک ہے۔عن أبی سعید الخدری رضی اللہ عنہ قال: کان النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم أشد حیاء من العذراء فی خدرھا، فإذا رأی شیئا یکرھہ عرفناہ فی وجھہ ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس سے بھی زیادہ حیا فرمانے والے تھے جیسے کنواری لڑکی اپنے پردے میں شرمیلی ہوتی ہے اور جب کوئی ناپسند چیز دیکھتے تو ہم چہرہ انور میں اسے پہچان لیتے تھے۔
(بخاری،3562)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی
30 جمادی الاخر 1443ھ/23 جنوری 2023ء

20

تیمم کا حکم

سوال: تیمم کا حکم ہجرت کے کتنے سال بعد نازل ہوا؟

User ID: حافظ احمد رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

تیمم کا حکم غزوہ بنی مصطلق کے موقع پر نازل ہوا اور غزوہ بنی مصطلق ہجرت کے پانچویں سال واقع ہوا۔ مفتی قاسم صاحب لکھتے ہیں: "غزوۂ بنی مُصطلق میں جب لشکرِ اسلام رات کے وقت ایک بیابان میں ٹھہرا جہاں پانی نہ تھا اور صبح وہاں سے کوچ کرنے کا ارادہ تھا، وہاں اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ہار گم ہو گیا، اس کی تلاش کے لئے سیّدِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں قیام فرمایا، صبح ہوئی تو پانی نہ تھا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے تیمم کی آیت نازل فرمائی۔" (صراط الجنان، جلد2، صفحہ212)

علامہ عبد المصطفی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ نے غزوہ بن مصطلق کو سن 5 ہجری کے واقعات میں تحریر فرمایا ہے۔ (سیرت مصطفی، صفحہ306)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ
ابوالبنات فراز عطاری مدنی
30 جمادی الاخر 1443ھ / 23 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

21

میں تمہیں اپنے پیچھے سے بھی دیکھتا ہوں کی شرح

سوال: بخاری کی جو حدیث پاک ہے کہ میں تمہیں اپنے پیچھے سے بھی دیکھتا ہوں اس کی شرح بیان کر دیں؟

User ID: محمد عمر عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ اس کی شرح میں لکھتے ہیں: ”ظاہر یہ ہے کہ اس میں خطاب تاقیامت سارے مسلمانوں سے ہے۔ معنی یہ ہیں کہ اے میری امت والو! نماز درست پڑھا کرو، تم کہیں ہو اور کبھی ہو میں تمہاری نمازیں دیکھتا ہوں، بعض روایات میں ہے کہ مجھ پر تمہارے رکوع اور سجدے، دل کے خشوع و خضوع پوشیدہ نہیں۔ معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے دلی رازوں سے بھی خبردار ہیں۔۔۔۔ اور ہو سکتا ہے کہ اس میں خطاب صحابہ سے ہو اور بعد بمعنی خلف ہو یعنی اے صحابہ! تم کسی صف میں اور کہیں ہو مگر ہماری نگاہیں تمہاری نمازوں کو دیکھتی ہیں۔ معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہیں اندھیرے اجالے میں کھلی چھپی چیزوں کو بے تکلف دیکھ لیتی ہیں۔“

(مرآۃ المناجیح، جلد 2، صفحہ 94)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

02 رجب المرجب 1443ھ / 25 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

22

قبروں کی زیارت

سوال: قبر پر جانے کے حوالے سے جو حدیث ہے وہ مع حوالہ سینڈ کر دیں۔

User ID: محمد علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حدیث کی مختلف کتابوں میں روایات موجود ہیں۔ ابو داؤد شریف کی حدیث پاک ہے: "نهيتكم عن زيارة القبور فزوروها فان فی زیارتها تذكرة" ترجمہ: میں نے تمہیں پہلے قبروں کی زیارت سے منع کیا تھا تو اب تم قبروں کی زیارت کرو کیونکہ یہ آخرت کی یاد دلانے کا ذریعہ ہے۔
(ابو داؤد، حدیث 3235)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

03 رجب المرجب 1443ھ / 26 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

طہارت

FARAZ ATTARI MADANI

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ — وعلی آلک واصحابک یا حبیب اللہ

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

23

حجامہ کے بعد وضو اور جسم کی پاکی

سوال: کیا حجامہ کروانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اور نماز کے لئے جسم پاک کرنا ضروری ہے؟

User ID: مولانا عبد الماجد عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

خون کا کہیں سے نکل کر ایسی جگہ بہہ جانا جس کا وضو یا غسل میں دھونا فرض ہو مفسداتِ وضو (وضو توڑنے والی چیزوں) میں سے ہے، حجامہ میں چونکہ خون نکل کر ایسی جگہ بہتا ہے لہذا وضو ٹوٹ جائے گا۔ اسی طرح بہتا خون ناپاک بھی ہے لہذا جسم پر لگنے سے وہ جگہ ناپاک بھی ہو جائے گی۔ اگر خون کم از کم درہم کے برابر لگا ہے تو اس کو پاک کیے بغیر نماز نہیں پڑھ سکتے۔ حجامہ والی جگہ کو دھو کر بھی پاک کیا جا سکتا ہے اور تین مرتبہ گیلے پاک کپڑے سے پونچھنے کے ساتھ بھی پاک کرنا جائز ہے کہ یہ دھونے کے قائم مقام ہے۔ (ماخوذا: فتاوی رضویہ، ج1، ص280، ج4، ص468)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

09 جمادی الاخری 1443ھ / 02 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

24

شرمگاہوں کے ملنے سے وضو

سوال: اگر مرد وعورت کی شرمگاہ بغیر کپڑے کے ملے تو وضو کا کیا حکم ہے؟

User ID: راجامسعود

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر مرد وعورت کی شرمگاہ آپس میں ملی اور دخول نہ ہوا اور مرد کی شرمگاہ انتشار کی حالت میں تھی تو مرد وعورت دونوں کا وضو ٹوٹ جائے گا اور اگر مرد کا آلہ انتشار کی حالت میں نہیں تھا تو مرد کا وضو نہیں ٹوٹے گا لیکن عورت کا ٹوٹ جائے گا۔ نور الایضاح میں ہے:"ومس فرج بذکر منتصب بلا حائل"ترجمہ: عورت کی شرمگاہ کا مرد کے آلہ انتشار سے بلا حائل ملنا (مفسدات وضو سے ہے)۔ (نور الایضاح، ص64)

بہار شریعت میں ہے:"اگر مرد نے اپنے آلہ سے عورت کی شرمگاہ کو مس کیا اور انتشارِ آلہ نہ تھا عورت کا وُضو اس وقت میں بھی جاتا رہے گا اگرچہ مرد کا وضو نہ جائے گا۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 309)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

09 جمادی الاخر 1443ھ/02 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

25

کپڑے بدلنے سے وضو

سوال: وضو کرنے کے بعد کپڑے تبدیل کیے تو کیا دوبارہ وضو کرنا پڑے گا؟

اعجاز: User ID

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

کپڑے تبدیل کرنے یا ستر دیکھنے سے وضو نہیں ٹوٹتا، لہذا پہلے جو وضو کیا وہی کافی ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "عوام میں جو مشہور ہے کہ گھٹنا یا اور ستر کھلنے یا اپنا یا پرایا ستر دیکھنے سے وضو جاتا رہتا ہے محض بے اصل بات ہے۔ ہاں وضو کے آداب سے ہے کہ ناف سے زانو کے نیچے تک سب ستر چھپا ہو۔۔۔" (بہار شریعت، ج 1، ص 309)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

14 جمادی الاخر 1443ھ / 07 جنوری 2023ء

26

وضو کے بعد موزے پہننا

سوال: میں وضو کرنے کے بعد لباس تبدیل کر کے موزے پہنتا ہوں پھر موزوں پر مسح کرتا ہوں اور اس میں دس منٹ کا وقت نکل جاتا ہے تو کیا فوراً موزہ پہننا ہوگا یا یہ درست ہے؟

User ID: قاری حنیف

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جن موزوں پر مسح کرنا جائز ہے اس کی ایک شرط یہ ہے کہ وضو کرنے کے بعد یا کم از کم پاؤں دھونے کے بعد حدث (وضو توڑنے والے عمل) سے پہلے موزہ پہن لیا ہو، اگر موزہ پہننے سے پہلے وضو توڑنے والا کوئی عمل ہوا تو موزے پر مسح درست نہیں ہوگا بلکہ اب وضو کر کے یا پاؤں دھو کر حدث سے پہلے موزہ پہننا ہوگا، اس کے بعد مسح کیا تو درست ہے۔ موزہ پہننے کے بعد جب تک وضو نہیں ٹوٹا مسح کرنے کی حاجت نہیں، جب دوبارہ وضو کریں گے تو مسح کرنا ہوگا۔ بہار شریعت میں ہے: "وُضو کر کے پہنا ہو یعنی پہننے کے بعد اور حدث سے پہلے ایک ایسا وقت ہو کہ اس وقت میں وہ شخص باوُضو ہو خواہ پورا وُضو کر کے پہنے یا صرف پاؤں دھو کر پہنے بعد میں وُضو پورا کر لیا۔۔۔ اگر پاؤں دھو کر موزے پہن لیے اور حدث سے پہلے مونھ ہاتھ دھو لیے اور سر کا مسح کر لیا تو بھی مسح جائز ہے اور اگر صرف پاؤں دھو کر پہنے اور بعد پہننے کے وُضو پورا نہ کیا اور حدث ہو گیا تو اب وُضو کرتے وقت مسح جائز نہیں۔"
(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 364)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

18 جمادی الاخر 1443ھ / 11 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

27

غسل جنابت میں پورے جسم کو دھونے کی حکمت

سوال: جنابت میں عضو خاص کو دھونے کے بجائے مکمل جسم کو کیوں دھویا جاتا ہے؟

User ID: عبدالکریم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

غسل جنابت میں پورے ظاہری جسم کو دھونے کی علماء نے مختلف وجوہات اور حکمتیں بیان کی ہیں۔ ایک وجہ تو یہ ہے کہ قرآن کریم میں جنبی کے لئے حکم ہے کہ وہ خوب پاکی حاصل کرے یعنی غسل کرے اور اس حوالے سے وضو کی طرح اعضاء کو خاص نہیں کیا گیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جنابت میں پورے بدن کا دھلنا شریعت کو مطلوب ہے۔ اس کی عقلی حکمتوں میں سے یہ ہے کہ انزالِ منی سے جب قضائے شہوت ہوتی ہے تو پورا بدن متمتع ہوتا ہے اس لئے اس کے شکرانے میں پورے بدن کے دھونے کا حکم ہوا۔ ایک حکمت یہ ہے کہ جنابت پورے جسم کی قوت سے حاصل ہوتی ہے اسی لئے اس کی زیادتی کا اثر پورے بدن پر ہوتا ہے۔ ایک حکمت یہ ہے کہ بارگاہ الہی میں حاضری کے لئے کمال نفاست ہونی چاہیے اور یہ غسل سے ہی حاصل ہوگی۔

(ملخصا: فتاوی فیض الرسول، ج1، ص167)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی

22 جمادی الاخر 1443ھ/15 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

28

ووٹ دینے کے بعد روشنائی پر وضو

سوال: ووٹ دیتے وقت جو ink لگائی جاتی ہے وہ دو تین بعد اترتی ہے تو وضو ہو جائے گا؟

عرفان شریف جمالی:User ID

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ووٹ ڈالتے وقت جو ink انگوٹھے پر لگائی جاتی ہے اگر وہ جرم دار(coated) نہ ہو تو چونکہ اس کی وجہ سے پانی پہنچنے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہو گی لہذا اس کے لگے ہونے کی حالت میں وضو ہو جائے گا۔ اور اگر جرم دار ہو تو چونکہ وہ دیرپا ہوتی ہے اور اس کے اتارنے میں مشقت ہے تو کوشش کر کے جتنا ممکن ہو اس کو کم کیا جائے باقی جو رہ جائے وہ معاف ہے۔ شامی میں ہے: "ولا یضر بقاء اثر کلون" ترجمہ: اثر کا باقی رہ جانا طہارت سے مانع نہیں جیسے رنگ۔ (شامی، جلد1، صفحہ329)

مجمع الانھر میں ہے: "و یعفی اثر شق زوالہ بان یحتاج فی اخراجہ الی نحو الصابون" ترجمہ: جس کا اثر ختم کرنے میں مشقت ہو اس طرح کے اس کو نکالنے میں صابون وغیرہ کی حاجت ہو گی تو وہ معاف ہے۔ (مجمع الانھر، ج1، صفحہ60)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 جمادی الاخر 1443ھ/17 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

29

سردی کی وجہ سے تیمم

سوال: سخت سردی میں امام پر غسل فرض ہو جائے اور پانی گرم کرنے کا انتظام نہ ہو تو تیمم کر کے نماز پڑھا سکتا ہے؟

User ID: شکاری کلب

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

صرف سخت سردی کا ہونا یا پانی گرم کرنے کی سہولت نہ ہونا تیمم کے جواز کے اسباب میں سے نہیں ہے بلکہ پانی کے استعمال سے جان جانے یا عضو ضائع ہو جانے یا بیمار ہونے یا بیماری بڑھنے یا بیمار کے دیر میں اچھا ہونے کا صحیح خوف ہو تو تیمم کی اجازت ہو گی اور اس سے امامت کروانا بھی جائز ہو گا۔ اگر ایسی کوئی صورت نہیں تو تیمم کی اجازت نہیں، اگر کسی نے بلاعذر تیمم کر کے نماز پڑھی یا پڑھائی تو سخت گناہ گار ہو گا اور نماز بھی نہیں ہو گی امامت بھی درست نہیں ہو گی۔ فی زمانہ پانی گرم کرنے کے مختلف طریقے موجود ہیں، اسی طرح گرمائش حاصل کرنے کے بھی اسباب ہوتے ہیں، لہذا سخت سردی میں ان چیزوں کا پہلے سے انتظام کر لیا جائے۔ اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: سردی شدید ہے اور حمام نہیں یا اجرت دینے کو نہیں، نہ پانی گرم کر سکتا ہے، نہ ایسے کپڑے ہیں کہ نہا کر ان سے گرمی حاصل کر سکے، نہ تاپنے کو الاؤ مل سکتا ہے اور اس سردی میں نہانے سے مرض کا صحیح خوف ہے، تو تیمم کر سکتا ہے، اگرچہ شہر میں ہو۔ (فتاوی رضویہ، جلد3، صفحہ 415)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

25 جمادی الاخر 1443ھ / 18 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

30

گھنی داڑھی ہو تو وضو

سوال: داڑھی اگر گھنی ہو تو وضو میں کون سا اور کتنا حصہ دھلنا ضروری ہے؟

User ID: حیدر علی شفیق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

داڑھی اگر گھنی ہو کہ جلد نظر نہ آتی ہو تو گلے کی طرف بالوں کو دبانے سے جتنے بال چہرے کے دائرے میں آجائیں ان کا دھونا فرض ہے، جلد دھونا فرض نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "داڑھی کے بال اگر گھنے نہ ہوں تو جلد کا دھونا فرض ہے اور اگر گھنے ہوں تو گلے کی طرف دبانے سے جس قدر چہرے کے گردے میں آئیں ان کا دھونا فرض ہے اور جڑوں کا دھونا فرض نہیں اور جو حلقے سے نیچے ہوں ان کا دھونا ضرور نہیں اور اگر کچھ حصہ میں گھنے ہوں اور کچھ چھدرے، تو جہاں گھنے ہوں وہاں بال اور جہاں چھدرے ہیں اس جگہ جلد کا دھونا فرض ہے۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 289)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 جمادی الاخر 1443ھ/ 20 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

31

دودھ پاک کرنے کا طریقہ

سوال: دودھ دوہتے وقت گوبر ساتھ مل جائے تو کیا ناپاک ہو جائے گا؟ اگر ہو جائے گا تو پاک کرنے کا طریقہ بھی بتادیں۔

User ID: بلال علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دودھ دوہتے وقت اگر گوبر کے کچھ ذرات دودھ میں چلے جائیں یا اونٹنی اور بکری کی مینگنی قلیل مقدار میں چلی جائے تو اگر ان کے ٹکڑے ہونے اور دودھ کا رنگ تبدیل ہونے سے پہلے ان کو نکال لیا جائے تو دودھ پاک ہے ورنہ ناپاک۔ دودھ کو پاک کرنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ دودھ میں اتنی ہی مقدار پانی ملائیں اور اس دودھ کو پکائیں یہاں تک کہ پانی جل جائے اور دودھ باقی رہ جائے، اس طرح تین مرتبہ کرنے سے دودھ پاک ہو جائے گا۔ ﴿وبعرتی إبل وغنم، کما﴾ یعفی ﴿لو وقعتا فی محلب﴾ وقت الحلب ﴿فرمیتا﴾ فورا قبل تفتت وتلون ترجمہ: اونٹنی اور بکری کی مینگنی دودھ دوہتے وقت دودھ میں گر جائے تو جب تک ٹکڑے نہ ہو اور دودھ کا رنگ تبدیل نہ ہو پاک ہے۔ (درمختار، صفحہ 35)

بہار شریعت میں تیل پاک کرنے کے حوالے سے ہے: "تنا ہی پانی ڈال کر اس تیل کو پکائیں یہاں تک کہ پانی جل جائے اور تیل رہ جائے ایسا ہی تین دفعہ میں پاک ہو جائے گا۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 403)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

02 رجب المرجب 1443ھ / 25 جنوری 2023ء

فقہی مسائل گروپ

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

32 نل سے آنے والا پانی

سوال: کیا نل سے آنے والا پانی جاری پانی کے حکم میں ہے؟ اگر نل سے بالٹی میں گرنے والا پانی بالٹی میں گرنے سے پہلے ہاتھ کو لگ جائے اور بالٹی میں غیر مستعمل پانی زیادہ ہو تو بالٹی کے پانی کا کیا حکم ہو گا؟

User ID: طاہر یعقوب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

نل (ٹونٹی) سے آنے والا پانی جاری پانی کے حکم میں ہوتا ہے۔ نل سے آنے والا پانی ہاتھ پر لگ کر جب ہاتھ سے جدا ہو گا تو وہ پانی مستعمل ہی ہو گا لیکن چونکہ بالٹی میں غیر مستعمل پانی زیادہ ہے لہذا ہاتھ سے جدا ہونے والا پانی بالٹی والے پانی کو مستعمل نہیں کرے گا، البتہ ہاتھ میں نجاست ہو اور وہ بالٹی میں گرے تو بالٹی کا پانی ناپاک ہو جائے گا۔ اسی طرح ہاتھ سے جدا ہونے والا مستعمل پانی بالٹی میں گر کر بالٹی میں موجود پانی کے برابر یا زیادہ ہو جائے تو پورے کو مستعمل کر دے گا۔ نماز کے احکام میں ہے: "فوارے (یا نل) کے نیچے غسل کرنا جاری پانی میں غسل کرنے کے حکم میں ہے۔"

(نماز کے احکام، صفحہ 113)

فتاوی امجدیہ میں ہے: "ماء مستعمل جب غیر مستعمل میں ملے، اور غیر مستعمل غالب ہو، تو مطہر رہے گا۔۔ جب وضو کے قطرے لوٹے میں گرے، کہ جب تک یہ قطرات لوٹے کے پانی کے برابر نہ ہوں، اس سے وضو جائز ہے۔" (فتاوی امجدیہ، جلد 1، صفحہ 16)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

02 رجب المرجب 1443ھ / 25 جنوری 2023ء

نماز

FARAZ ATTARI MADANI

33

نماز میں قبلہ سے سینہ پھر جانا

سوال: نمازی کو کسی کا دھکا لگا اور سینہ قبلہ سے 45 ڈگری سے زیادہ پھر گیا تو نماز کا کیا حکم ہے ؟

User ID: حسنین خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں بلا عذر جان کر قبلہ سے 45 ڈگری سے زیادہ سینہ پھیرنا نماز کو توڑنے والا عمل ہے البتہ بغیر ارادہ سینہ پھرا اور تین تسبیح کی مقدار سے پہلے 45 ڈگری کے اندر کرلیا تو نماز نہیں ٹوٹے گی، لہذا معلوم کی گئی صورت میں اگر اس نمازی نے تین تسبیح کی مقدار سے پہلے سینہ قبلہ رخ کرلیا تو نماز نہیں ٹوٹی اور اگر تین تسبیح کی مقدار وقفہ ہو گیا تو نماز ٹوٹ گئی۔ بہار شریعت میں ہے: " مصلی نے قبلہ سے بلا عذر قصدا سینہ پھیر دیا، اگرچہ فورا ہی قبلہ کی طرف ہو گیا، نماز فاسد ہو گئی اور اگر بلا قصد پھر گیا اور بقدر تین تسبیح کے وقفہ نہ ہوا، تو ہو گئی۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 491)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

10 جمادی الاخر 1443ھ / 03 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

34

سری نماز میں جان کر جہر کرنا

سوال: اگر کسی نے مخارج کی درستی کی وجہ سے سری نماز میں جہر کرکے پڑھا تو ان نمازوں کا کیا حکم ہے؟
User ID: سمیرا حسین میمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام و منفرد کا سری نمازوں اور مغرب کی تیسری اور عشاء کی تیسری اور چوتھی میں سر (آہستہ قراءت کرنا) واجب ہے، اور عورت کو جہری نمازوں میں بھی جہر کرنا منع ہے، لہذا امام و منفرد یا عورت نے اگر سری نمازوں میں قصداً جہر کیا تو یہ جان کر واجب کا ترک ہے اور ایسی نماز کو دوبارہ پڑھنا واجب ہے۔ شامی میں ہے: "والإسرار یجب علی الإمام والمنفرد فیما یسر فیہ وھو صلاۃ الظھر والعصر والثالثۃ من المغرب والأخریان من العشاء وصلاۃ الکسوف والاستسقاء" ترجمہ: جس میں سر کیا جاتا ہے اس میں امام و منفرد دونوں پر سر واجب ہے اور سری نمازیں یہ ہیں، ظہر، عصر، مغرب کی تیسری اور عشاء کی تیسری اور چوتھی، نماز کسوف اور استسقاء۔ (شامی، ج1، ص469)

بحر الرائق میں ہے: وإنما تجب الإعادۃ إذا ترک واجبا عمدا جبرا لنقصانہ ترجمہ: جب واجب کو جان کر چھوڑا تو اعادہ ہی لازم ہے نقصان کو پورا کرنے کے لئے۔ (بحر الرائق، جلد2، صفحہ 98)

عورت کو جہری نماز میں بھی قراءت میں جہر کرنا منع ہے۔ (ماہنامہ فیضان مدینہ، ربیع الاخر، 1441)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

09 جمادی الاخر 1443ھ / 02 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

35

فرض کے بعد صفیں توڑ دینا

سوال: مسجد میں فرض نماز کے بعد لوگ اپنی جگہ کیوں بدل لیتے ہیں؟

User ID: وزیر آفریدی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فرض پڑھنے کے بعد صفیں توڑنا بہتر ہے اور علماء نے اس کی ایک حکمت یہ بیان کی کہ بعد میں آنے والوں کو یہ شبہ نہ ہو کہ ابھی جماعت نہیں ہوئی۔ مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ ایک حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں: "اس سے معلوم ہوا کہ فرائض ونوافل میں کچھ فاصلہ ضروری ہے جگہ کا فاصلہ ہو یا دعا وظیفہ یا کلام کا، بلکہ بہتر یہ ہے کہ دعا بھی مانگے جگہ بھی قدرے بدل لے بلکہ مقتدی لوگ صفیں بھی توڑ دیں پھر سنتیں ادا کریں تاکہ آنے والے کو یہ شبہ نہ ہو کہ جماعت ہو رہی ہے۔

(مرآۃ، ج2، ص412)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 جمادی الاخر 1443ھ / 10 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

36

قراءت میں مد نہ کرنا

سوال: اگر کوئی امام یا اکیلے پڑھنے والا قراءت میں حروف مدہ یا کھڑی حرکات کو کھینچ کر نہ پڑھے تو کیا حکم ہے اور جہاں مد نہ ہو وہاں مد کرنا کیسا؟

User ID: یوسف قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جہاں حروف مدہ پر مد ہو جیسے جآء، قالوآ وغیرہ وہاں مد کرنا لازم ہے اگر کسی نے نہ کیا تو گناہ گار ہوگا، اسی طرح کھڑی حرکات کو دراز کرنا بھی ضروری ہے نہ کرنا ناجائز و گناہ ہے، البتہ ان دونوں صورتوں میں نماز فاسد نہیں ہوگی۔ ایسے ہی جہاں حروف مدہ پر مد نہ ہو جیسے قال، یقول وغیرہ وہاں پر بھی مقدار سے زیادہ نہ کھینچا جائے اگر اتنا دراز کیا کہ زمزمہ (نغمہ) پیدا ہوا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "جن حروف پر مد ہے جیسے جآء، تنوٓء، جآء، یآیھا، قالوآ انا، فی آیام، دآبۃ، آمین (وہاں مد نہ کرنا بھی اصلاً مفسد نہیں)۔۔۔ جن حروف مد یا لین پر مد نہیں مثلاً قال یقول قیل قول، خیر۔ ان پر بھی موجب فساد نہیں جبکہ حد سے زیادہ نہ ہوں، ہاں حد سے متجاوز ہو جیسے گانے میں زمزمہ کھینچا جاتا ہے تو آپ ہی مطلقاً مفسد ہے اگرچہ مد ہی کی جگہ ہو۔۔۔ کھڑے کو پڑا پڑھنا بھی مفسد نہیں۔۔۔ ان چاروں باتوں سے اگرچہ فساد نماز نہیں مگر کراہت ضرور ہے کہ آخر قرآنِ عظیم کا غلط پڑھنا ہے یہاں تک کہ علمائے کرام نے فرمایا: مد کا ترک حرام ہے۔ تو کھڑے کو پڑا پڑھنا بدرجہ اولی حرام ہوگا اس میں تو جوہر لفظ میں کمی ہوگئی بخلاف مد کہ امر زائد تھا۔ (فتاوی رضویہ، جلد6، صفحہ 423 تا 425)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 جمادی الاخر 1443ھ / 10 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

37

جمعہ کا خطبہ

سوال: اگر کوئی جمعہ کا خطبہ نہ سن سکے تو وہ ظہر پڑھے گا جمعہ میں شامل ہو گا؟

User ID: ظہیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

خطبہ، جمعہ کے قیام کی شرائط میں سے ہے، مقتدی کی نماز جمعہ کے صحیح ہونے کے لئے شرط نہیں، لہذا اگر کسی کا خطبہ جمعہ نکل گیا مگر اس کو نماز جمعہ کی جماعت مل گئی اگرچہ تشہد میں تو اس کی نماز درست ہو جائے گی۔ وقار الفتاوی میں ہے: "جو شخص تشہد میں بھی شریک جماعت ہوا، اس کی نماز جمعہ ادا ہو جائے گی۔" (وقار الفتاوی، جلد2، صفحہ 161)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 جمادی الاخر 1443ھ/20 جنوری 2023ء

38 پہلی مرتبہ نماز قضا ہوئی

سوال: اگر کسی کی کوئی نماز قضا نہیں تھی پھر ایک نماز مثلاً فجر کی قضا ہو گئی تو کیا فجر کی نماز پڑھے بغیر ظہر کی نماز جماعت سے پڑھ سکتا ہے؟

User ID: محمد عثمان صدیقی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس شخص کی چھ (6) فرض نمازوں سے کم قضا ہوں وہ صاحب ترتیب کہلاتا ہے اور صاحب ترتیب کے لئے حکم یہ ہے کہ پہلے وہ اپنی فوت شدہ ادا کرے گا پھر وقتی نماز ادا کرے گا، اگر یاد ہوتے ہوئے پہلے وقتی نماز پڑھ لی تو نہیں ہو گی۔ معلوم کی گئی صورت صاحب ترتیب کی ہے اور اس پر لازم ہے کہ پہلے فجر کی نماز ادا کرے پھر وقتی نماز کی جماعت میں شامل ہو۔ بہار شریعت میں ہے: "(صاحب ترتیب کی) فجر کی نماز قضا ہو گئی اور یاد ہوتے ہوئے ظہر کی پڑھ لی پھر فجر کی پڑھی تو ظہر کی نہ ہوئی۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 705)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 جمادی الاخر 1443ھ / 20 جنوری 2023ء

امامت

FARAZ ATTARI MADANI

39

امام کے ساتھ ایک مرد اور بچہ

سوال: اگر امام کے ساتھ ایک بالغ مرد اور ایک نابالغ لڑکا ہو تو کہاں کھڑے ہوں گے؟

User ID: حافظ مظہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام کے ساتھ ایک بالغ مرد اور ایک سمجھ دار نابالغ ہو تو جماعت کے لئے دونوں امام کے پیچھے کھڑے ہوں گے۔ عالمگیری میں ہے: "واذا کان معہ اثنان قاما خلفہ وکذلک اذا کان احدھما صبیا" ترجمہ: اور جب امام کے ساتھ دو مرد ہوں تو دونوں امام کے پیچھے کھڑے ہوں گے، اسی طرح جب دو میں سے ایک سمجھ دار بچہ ہو۔ (عالمگیری، جلد 1، صفحہ 98)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

16 جمادی الاخر 1443ھ / 09 جنوری 2023ء

لقمہ

FARAZ ATTARI MADANI

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

40 رکوع سے اٹھتے وقت اللہ اکبر کہا تو لقمہ

سوال: امام نے اگر رکوع سے اٹھتے ہوئے اللہ اکبر کہا تو لقمہ دینا کیسا؟ اگر کسی نے دیا تو نماز کا کیا حکم ہے؟

User ID: توقیر احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

رکوع سے اٹھتے وقت سمع اللہ لمن حمدہ کی جگہ اللہ اکبر کہنا خلاف سنت ہے، ترکِ واجب نہیں لہذا ایسے موقع پر لقمہ دینا جائز نہیں، کیونکہ جہاں فسادِ نماز یا ترکِ واجب نہ ہو رہا ہو وہ لقمہ کا محل نہیں اور جہاں لقمہ کا محل نہ ہو وہاں لقمہ دینا ناجائز ہے، اگر کسی نے خلافِ محل لقمہ دیا تو اس کی نماز ٹوٹ جائے گی اور امام نے ایسا لقمہ لیا تو امام و مقتدیوں کی نماز بھی ٹوٹ جائے گی۔ فتاوی رضویہ میں سوال ہوا ہے کہ امام نے سمع اللہ لمن حمدہ کی جگہ اللہ اکبر کہا اور سجدہ سہو نہیں کیا، تو اعلیٰ حضرت نے فرمایا: "نماز ہو گئی اور سجدہ سہو کی اصلاً حاجت نہیں۔" (فتاوی رضویہ، جلد 8، صفحہ 216)

مفتی ہاشم صاحب لکھتے ہیں: "احادیث سے ثابت شدہ مواضع کے علاوہ (لقمہ دینے کی) وہاں اجازت ہے جہاں حاجت ہو اور حاجت وہاں ہوتی ہے جہاں فسادِ نماز یا ترک واجب ہو رہا ہو لہذا جہاں اس سے کم معاملہ ہو وہاں لقمہ دینے سے نماز ٹوٹ جائے گی۔ (احکام لقمہ، صفحہ 14)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

11 جمادی الاخر 1443ھ / 04 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

41

جہری میں سری قراءت کی تو لقمہ

سوال: امام نے اگر جہری نماز میں سری قراءت شروع کی تو لقمہ دینا کیسا؟

User ID: عمیر جمالوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

امام نے جہری نماز میں اگر جہر نہ کیا تو بھی مقتدی کو لقمہ دینا جائز نہیں کیونکہ ممکن ہے کہ امام نے ثناء، تعوذ و تسمیہ کو اتنی ترتیل (آہستہ) سے پڑھا ہو کہ سورۃ الفاتحہ شروع ہی نہ کی ہو یا پھر امام نے اتنی قراءت کرلی ہو کہ اس پر سجدہ سہو واجب ہو چکا ہو اور یہ دونوں صورتیں لقمہ دینے کا محل نہیں اور جہاں لقمہ کا محل نہ ہو وہاں لقمہ دینا جائز نہیں، اگر کسی نے دیا تو اس کی نماز ٹوٹ جائے گی اور امام نے لیا تو امام اور تمام مقتدیوں کی نماز بھی ٹوٹ جائے گی۔ (ماخوذ از: احکام لقمہ، صفحہ 25)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 جمادی الاخر 1443ھ / 04 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

42

سری نماز میں جہر کیا تو لقمہ

سوال: امام عصر کی نماز میں بلند آواز سے قراءت کرنے لگے تو مقتدی نے لقمہ دیا امام خاموش ہوگئے کیا حکم ہے؟

User ID: مزمل عزیز

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

امام نے اگر سورۃ الفاتحہ کا اکثر حصہ نہیں پڑھا تھا تو مقتدی کا لقمہ دینا جائز ہے اور یہ بر محل لقمہ ہے کیونکہ مسئلہ یہ ہے کہ اگر امام نے سری نماز میں جہری قراءت شروع کردی اور آدھی سے زیادہ پڑھنے سے پہلے سری میں اعادہ کرلیا تو سجدہ سہو ساقط ہوجاتا ہے اور چونکہ یہاں لقمہ دینے سے سجدہ سہو ساقط ہورہا ہے اور نماز کی اصلاح ہورہی ہے لہذا لقمہ دینا بھی درست ہوگا۔
(ماخوذا: فتاوی امجدیہ، ج1، ص282، فتاوی رضویہ، ج7، ص264)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی
12 جمادی الاخر 1443ھ/05 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

43

قراءت میں غلطی ہوئی تو لقمہ

سوال: امام نے اگر سورت کی تین آیتیں پڑھ لی ہوں اور پھر بھول جائیں تو لقمہ دینا کیسا؟

User ID: احسان خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام اگر واجب قراءت کر چکا ہو اور پھر بھول جائے تو بھی اس کو لقمہ دینا جائز ہے۔ شامی میں ہے: "الفتح علی امامہ غیر منھی عنہ۔۔۔ سواء قرا الامام قدر ما یجوز بہ الصلوۃ ام لا انتقل الی ایۃ اخری ام لا تکرر الفتح ام لا ھو الاصح "ترجمہ: اپنے امام کو لقمہ دینا منع نہیں چاہے امام مایجوز بہ الصلوۃ قراءت کر چکا ہو یا نہیں، دوسری آیت کی طرف منتقل ہوا ہو یا نہیں، لقمے کا تکرار کیا گیا ہو یا نہیں، یہی اصح ہے۔
(شامی، ج2، ص461)

اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "امام جہاں غلطی کرے مقتدی کو جائز ہے کہ اسے لقمہ دے اگرچہ ہزار آیتیں پڑھ چکا ہو یہی صحیح ہے۔" (فتاوی رضویہ، ج6، ص371)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 جمادی الاخر 1443ھ / 12 جنوری 2023ء

FARAZ ATTARI MADANI

44 نماز جنازہ میں وضو ٹوٹ جائے

سوال: اگر مقتدی کا نماز جنازہ میں وضو ٹوٹ جائے تو کیا حکم ہے؟

User ID: شہزاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز جنازہ میں وضو ٹوٹ جائے تو حکم یہی ہے کہ وضو کر کے شامل ہو البتہ نماز جنازہ فوت ہونے کا اندیشہ ہو اور جس کا وضو ٹوٹا وہ میت کا ولی نہیں تو تیمم کر کے نماز جنازہ میں شریک ہو سکتا ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "غیر ولی کو نماز جنازہ فوت ہو جانے کا خوف ہو تو تیمم جائز ہے ولی کو نہیں۔۔ الخ"
(بہار شریعت، جلد1، صفحہ 351)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

20 جمادی الاخر 1443ھ / 14 جنوری 2023ء

45

نماز جنازہ میں درود

سوال: نماز جنازہ میں کون سا درود افضل ہے؟

User ID: محمد امیر حمزہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز جنازہ میں بھی بہتر یہی ہے کہ درود ابراہیمی پڑھا جائے لیکن کوئی اور درود پڑھا تو بھی حرج نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "درود شریف پڑھے بہتر وہ دُرود ہے جو نماز میں پڑھا جاتا ہے اور کوئی دوسرا پڑھا جب بھی حرج نہیں۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 829)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

02 رجب المرجب 1443ھ / 25 جنوری 2023ء

مسافر

FARAZ ATTARI MADANI

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

46

کسی جگہ مستقل رہائش کی نیت

سوال: اگر کوئی دوسرے شہر میں نوکری کرتا ہے اور وہاں پندرہ دن سے پہلے اپنے شہر آجاتا ہے اور دوبارہ 15 دن سے کم لے لئے جاتا ہے تو کون سی نماز پڑھے گا؟ اگر دوسرے شہر میں فیملی لے جائے اور مستقل رہائش کرلے اب کیا حکم ہے؟

User ID: خرم زاہد عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کوئی شخص اپنے شہر کی آبادی سے نکل کر کم از کم 92 کلومیٹر کا سفر طے کرے اور وہاں 15 دن سے کم رہنے کا ارادہ ہو تو چار رکعت والی فرض کو دو کر کے پڑھے گا، جب اپنے شہر آجائے گا تو پوری نماز پڑھے گا اور جب دوسرے مقام جائے گا تو اوپر بیان کردہ صورت کے ہوتے ہوئے قصر پڑھے گا۔ اگر دوسرے شہر میں مستقل رہائش اس نیت سے کرلے کہ اب وہاں سے رہائش چھوڑ کر کبھی نہیں جائے گا تو وہ جگہ اس کے لئے وطن اصلی ہو جائے گی لہذا وہاں تھوڑی دیر کے لئے بھی آئے گا تو پوری نماز پڑھے گا۔ (کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

01 رجب المرجب 1443ھ / 24 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

زکوٰۃ

FARAZ ATTARI MADANI

47

کمیٹی جمع کروانے والے کو زکوۃ دینا

سوال: اگر کوئی شخص کمیٹی میں رقم جمع کرواتا ہے تو کیا ایسے کو زکوۃ دے سکتے ہیں؟

User ID: فدا حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی شخص نے نصاب کے برابر کمیٹی میں رقم جمع کروادی اور اس کی کمیٹی ابھی کھلی نہیں یا کھل گئی ہے مگر اس کو ابھی اتنی کمیٹیاں نہیں بھرنی کہ اس کو مائنس کرے تو نصاب کے برابر نہ بچے، تو ایسے کو زکوۃ نہیں دے سکتے یا نصاب سے کم جمع کروائی مگر حاجت اصلیہ کے علاوہ اتنا سامان ہے کہ اسکی قیمت کمیٹی والی رقم کے ساتھ مل کر نصاب کو پہنچ جائے تو بھی زکوۃ نہیں دے سکتے جبکہ دونوں صورتوں میں وہ اتنا مقروض نہ ہو کہ قرض کو مائنس کرنے سے نصاب نہ بچتا ہو، ہاں اگر نصاب سے کم جمع کروائی ہے اور اس کے پاس حاجت اصلیہ کے علاوہ ایسا کوئی سامان بھی نہیں جس کو کمیٹی والی رقم سے ملایا جائے تو نصاب کو پہنچ جائے یا اس کی کمیٹی کھل گئی مگر اسے ابھی کمیٹی میں اتنی رقم بھرنی ہے کہ اس کو نکالنے کے بعد نصاب نہ بچے تو ایسا شخص مستحق زکوۃ ہے، اس کو زکوۃ دینا جائز ہے جب کہ زکوۃ کی دیگر شرائط بھی پائی جائیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 جمادی الاخر 1443ھ/04 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

48

ہیرے پر زکوۃ

سوال: کیا ہیرے پر زکوۃ ہے؟

User ID: افران علی خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ہیرے اگر تجارت کی نیت سے نہیں خریدے تو ان پر زکوۃ فرض نہیں چاہے کتنے مہنگے ہوں اگرچہ نصاب تک پہنچتے ہوں، اور اگر تجارت کی نیت سے لئے ہوں تو دیگر شرائط پائی جائیں تو زکوۃ فرض ہوگی۔ درمختار میں ہے: "لا زکاۃ فی اللالیء والجواھر الا ان تکون للتجارۃ" ترجمہ: ہیرے وجواہرات تجارت کی نیت سے لئے ہوں تو ہی زکوۃ ہے ورنہ نہیں۔ (درمختار مع شامی، جلد3، صفحہ230)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

18 جمادی الاخر 1443ھ / 11 جنوری 2023ء

49

نابالغ کو زکوۃ

سوال: کیا ایسے نابالغ کو زکوۃ دے سکتے ہیں جس کی والدہ شرعی فقیر ہو اور والد غنی؟

User ID: اویس عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

ایسے نابالغ کو زکوۃ دینا جائز نہیں جس کا والد غنی ہو۔ بہار شریعت میں ہے: "غنی مرد کے نابالغ بچے کو بھی نہیں دے سکتے۔۔ الخ

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 929)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم

کتبـــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 جمادی الاخر 1443ھ / 15 جنوری 2023ء

حج و عمرہ

FARAZ ATTARI MADANI

50

جعرانہ سے واپسی پر عمرہ کا احرام

سوال: کیا جعرانہ سے واپسی پر عمرہ کا احرام ضروری ہے؟

User ID: زوہیر ڈوسانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مقامِ جعرانہ حدود حرم سے باہر حل میں ہے اور جو حرم سے حل میں آیا ہو وہ واپس بغیر احرام حرم میں جا سکتا ہے، عمرہ کا احرام ضروری نہیں۔ فتاوی حج و عمرہ میں ہے: "جعرانہ میقات کے اندر زمین حل میں ہے لہذا اس پر وہاں سے احرام باندھ کر آنا واجب نہیں ہے کیونکہ ارض حل سے آنے والے کے لئے بلا احرام زمین حرم یا مکہ مکرمہ آنا جائز ہے جب کہ وہ حج یا عمرہ کا ارادہ نہ رکھتے ہوں۔" (فتاوی حج و عمرہ، جلد 1، مسئلہ 116)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 جمادی الاخری 1443ھ / 01 جنوری 2023ء

51

طواف میں دایاں کندھا کھلا رکھنا

سوال: طواف کے دوران رمل کے بعد دایاں کندھا کھلا رکھنا ہے چادر ڈال لیں؟

User ID: محمد ساجد مدنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

ہر وہ طواف جس کے بعد سعی ہوتی ہے اس میں رمل صرف پہلے تین چکروں میں سنت ہے جبکہ اضطباع (چادریں ہونے کی حالت میں دایاں کندھا کھلا رکھنا) طواف کے ساتوں چکروں میں سنت ہے لہذا رمل کے بعد بھی طواف میں ساتویں پھیرے تک کندھا کھلا رکھا جائے گا۔ در مختار میں ہے: "ورمل فی الثلاث الاول" ترجمہ: اور رمل پہلے تین چکروں میں سنت ہے۔ شامی میں ہے: "(رمل) فی کل طواف بعدہ سعی" ترجمہ: اور ہر وہ طواف جس کے بعد سعی ہے اس میں رمل کرنا (سنت ہے)۔ (شامی، جلد3، صفحہ 583)

فتاوی حج وعمرہ میں ہے: "تیسری سنت ہر اس طواف کے تمام پھیروں میں اضطباع ہے کہ جس کے بعد سعی ہے اگرچہ طواف حج ہو یا طواف عمرہ۔" (فتاوی حج وعمرہ، جلد4، صفحہ 212)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

13 جمادی الاخر 1443ھ / 06 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

52

حالت احرام میں چوٹ لگنا

سوال: حالت احرام میں چوٹ لگی اور خون نکلا تو کیا دم واجب ہو گا؟

User ID: گوگاجی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حالتِ احرام میں چوٹ لگنے یا خون نکلنے سے دم لازم نہیں ہوتا البتہ طواف میں نجاست حکمیہ (بے وضو اور بے غسل) نہ ہونا ضروری ہے، لہذا چوٹ لگنے سے خون بہا تو وضو ٹوٹ جائے گا اب طواف کرنے کے لئے وضو ضروری ہو گا، اسی طرح چادروں پر خون لگا تو مسجد کے آداب کا خیال کرتے ہوئے اس کو پاک کر کے مسجد میں داخل ہو لیکن لباس کے پاک ہونے کا تعلق عمرہ کی ادائیگی کے ساتھ نہیں۔ بہار شریعت میں احرام میں جائز باتوں کے بیان میں ہے: "فصد (گندا خون نکلوانا)" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 1081)
مفتی علی اصغر صاحب لکھتے ہیں: "ہر قسم کا طواف چاہے نفلی ہی کیوں نہ ہو اس کے لئے طہارت حکمیہ کا پایا جانا یعنی غسل اور وضو سے ہونا واجب ہے۔" (27 واجبات حج، 143)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

13 جمادی الاخر 1443ھ / 06 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

53

عمرہ کے بعد دوبارہ حیض

سوال: عورت کو 7 ویں دن خون بند ہوا اس نے عمرہ ادا کیا اگلے دن خون آ گیا جو عمرہ کیا اس کا حکم ؟

User ID: فیصل نواز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر عورت کو دس دن کے اندر اندر دوبارہ خون آیا اور دس دن سے تجاوز نہ کیا تو یہ سارا حیض ہی شمار ہو گا اگرچہ سابقہ عادت کچھ اور ہو اور اب یہ عادت کا بدلنا قرار پائے گا، چونکہ اب یہ سارا حیض ہی ہے لہذا عورت نے ساتویں دن ختم ہونے کے بعد جو عمرہ کے ارکان ادا کئے وہ حیض ہی میں کیے لہذا حکم یہ ہے کہ اگر عورت نے حالت حیض میں طوافِ عمرہ ادا کیا تو اس پر دم لازم ہو گا البتہ وہ پاکی کی حالت میں طواف کا اعادہ کر لے تو دم ساقط ہو جائے گا۔ سعی میں طہارت حکمی شرط نہیں لہذا سعی ادا ہو گئی۔ مفتی علی اصغر صاحب لکھتے ہیں: "مشکل یہ ہوتی ہے کہ غسل تو وہ عادت کے دن کو سامنے رکھتے ہوئے کر لیتی ہیں اور خون آنا بھی بند ہو جاتا ہے لیکن عمرے سے فارغ ہو کر خون آنے کی ابتداء سے دس دن پورے ہونے سے پہلے دوبارہ انہیں خون آنے یا اسپوٹ آنے کی شکایت شروع ہو جاتی ہے لیکن دس دن کے بعد خون جاری نہیں رہتا تو ایسا ہونے پر یعنی دس دن سے قبل خون آنے پر حالتِ حیض دوبارہ لوٹ آئے گی اور۔۔ اگر اسی حالت میں طواف کیا تھا تو یہ طواف حالتِ حیض میں کرنا پایا جائے گا اور طوافِ زیارت ہو تو بدنہ لازم آئے گا جبکہ طوافِ عمرہ و دیگر طواف میں دَم لازم آئے گا۔ سوائے یہ کہ اِعادہ کرنے پر کفارے ساقط ہو جائیں گے۔ (27 واجبات حج، ص156)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

22 جمادی الاخر 1443ھ / 15 جنوری 2023ء

نکاح

FARAZ ATTARI MADANI

54

خالو سے نکاح

قاری شاکر :User ID

سوال: خالو سے نکاح ہو سکتا ہے؟ دلیل سے واضح کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

خالہ کے نکاح میں ہوتے ہوئے بھانجی سے نکاح کرنا حرام ہے اس لئے کہ شرعی اصول یہ ہے کہ ایسی دو عورتوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے کہ ان دو عورتوں میں سے کسی ایک کو مرد تصور کریں تو ان کا آپس میں نکاح حرام ہو، جیسے خالہ کو مرد تصور کریں تو یہ بھانجی کا ماموں بنے گا اور ماموں بھانجی کا نکاح حرام ہے، اسی طرح بھانجی کو مرد تصور کریں تو خالہ کا بھانجا بنے گا اور خالہ بھانجے کا نکاح حرام ہے۔

بخاری شریف میں ہے: لايجمع بين المرأة وعمتها، ولا بين المرأة وخالتها ترجمہ: بھتیجی اور اس کی پھوپھی کو اور بھانجی اور اس کی خالہ کو نکاح میں جمع نہیں کیا جا سکتا۔ (بخاری، حدیث 5109)

بہار شریعت میں ہے: وہ دو عورتیں کہ ان میں جس ایک کو مرد فرض کریں، دوسری اس کے لیے حرام ہو (مثلاً۔۔۔ یا خالہ، بھانجی کہ خالہ کو مرد فرض کرو تو ماموں، بھانجی کا رشتہ ہوا اور بھانجی کو مرد فرض کرو تو بھانجے، خالہ کا رشتہ ہوا) ایسی دو ۲ عورتوں کو نکاح میں جمع نہیں کر سکتا بلکہ اگر طلاق دے دی ہو اگرچہ تین طلاقیں تو جب تک عدت نہ گزر لے، دوسری سے نکاح نہیں کر سکتا۔ (جلد2، ص27)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

13 جمادی الاخر 1443ھ / 06 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

55

نقدی کے علاوہ مہر

سوال: کیا مہر میں نقدی کے علاوہ بھی کچھ دے سکتے ہیں؟ مثلاً میں بکری دینا چاہتا ہوں۔

User ID: عبد الستار

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

مال متقوم کو مہر میں دینا جائز ہے۔ مال متقوم کا مطلب یہ ہے کہ جس کو جمع کیا جا سکتا ہو اور شرعا اس سے نفع اٹھانا جائز ہو۔ بکری بھی مال متقوم ہے لہذا اگر اس کی قیمت کم از کم 30.618 گرام چاندی کے برابر ہے تو اس کو مہر میں دینا جائز ہو گا۔ عالمگیری میں ہے: "المهر انما يصح بكل ما هو مال متقوم" ترجمہ: ہر اس چیز کو مہر بنانا جائز ہے جو مال متقوم ہو۔ (عالمگیری، جلد 1، صفحہ 332)

شامی میں ہے: "والمتقوم ما يمكن ادخاره مع الاباحة" ترجمہ: مال متقوم وہ ہے جو شرعا مباح ہو اور اس کو جمع کرنا ممکن ہو۔ (شامی، جلد 7، صفحہ 8)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 جمادی الاخر 1443ھ / 16 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

56

مہر کی شرعی مقدار سے کم مقرر کیا

سوال: اگر کسی نے مہر کی شرعی مقدار سے کم مہر رکھ دیا تو کیا حکم ہے؟

User ID: محمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مہر کی کم از کم مقدار دس درہم ہے جو چاندی کے حساب سے 2 تولہ 7.5 ماشہ ہے اور موجودہ وزن 30.618 گرام ہے۔ اگر کسی نے اس مقدار سے کم مہر مقرر کر دیا تو بھی کم از کم اتنا مہر دینا واجب ہو جائے گا اور نکاح پر اثر نہیں پڑے گا جبکہ کوئی اور وجہ نہ ہو۔ بہار شریعت میں ہے: ”نکاح میں دس درہم یا اس سے کم مہر باندھا گیا تو دس درہم واجب (بہار شریعت، جلد 2، صفحہ 65)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 جمادی الاخر 1443ھ / 20 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

57

مہر ادا کرنے سے پہلے بیوی کی وفات

سوال: اگر شوہر نے مہر ادا نہ کیا تھا اور بیوی کا انتقال ہو گیا تو اب مہر کس کو دینا ہو گا؟

User ID: سمیرا میمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

اگر شوہر نے مہر ادا نہیں کیا تھا اور بیوی کا انتقال ہو گیا تو اب شوہر مہر کی ادائیگی عورت کے ورثاء کو کرے گا اور عورت کے ورثاء وراثت کے اصولوں کے مطابق اس کی تقسیم کاری کریں گے۔ فتاوی تاج الشریعہ میں ہے: "بیوی کے ورثاء سے معاف کرالے، اگر وہ معاف کر دیں تو خیر ورنہ انہیں اپنا فریضہ شرعیہ مجرا کراکے باقی مہر دے۔" (فتاوی تاج الشریعہ، جلد4، صفحہ 272)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 جمادی الاخر 1443ھ / 20 جنوری 2023ء

رضاعت

FARAZ ATTARI MADANI

58

ناک میں دودھ ٹپکانے سے رضاعت

سوال: کیا بچہ کے ناک میں کسی عورت کا دودھ ڈالنے سے رضاعت ثابت ہوتی ہے؟

User ID: محمد اسحاق عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

ڈھائی سال کے اندر اگر کسی عورت کا دودھ بچے کے ناک میں ٹپکایا گیا تو بھی حرمت رضاعت (دودھ کا رشتہ) قائم ہو جائے گی البتہ دو سال کے بعد ایسا کرنا جائز نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "دودھ پینے سے مراد یہی معروف طریقہ نہیں بلکہ اگر حلق یا ناک میں ٹپکایا گیا جب بھی یہی حکم ہے اور تھوڑا پیا یا زیادہ بہرحال حرمت ثابت ہوگی۔" (بہار شریعت، جلد2، صفحہ 36)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

13 جمادی الاخر 1443ھ/06 جنوری 2023ء

FARAZ ATTARI MADANI

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
آن لائن

59

داڑھی رکھنے کی منت

سوال: اگر کوئی منت مانے کہ میں داڑھی رکھوں گا تو کیا یہ شرعی منت ہے؟

User ID: ریاض رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

داڑھی رکھنے کی منت شرعی منت نہیں کیونکہ داڑھی رکھنا مرد پر پہلے سے واجب ہے اور جو کام شریعت کی طرف سے پہلے سے واجب ہو اس کی منت ماننا منت کی شرائط کے خلاف ہے۔ اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "داڑھی حد مقرر شرع (یک مشت) سے کم نہ کرانا واجب۔"

(فتاوی رضویہ، جلد22، صفحہ 571)

عالمگیری میں ہے: "الاصل ان النذر لا یصح الا بشروط ان لا یکون واجبا فی الحال" ترجمہ: اصل یہ ہے کہ نذر چند شرائط کے ساتھ صحیح ہو گی، ان شرائط میں سے یہ ہے کہ وہ کام پہلے سے اس پر واجب نہ ہو۔

(عالمگیری، جلد1، صفحہ 208)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

01 رجب المرجب 1443ھ / 24 جنوری 2023ء

خواتین کے مسائل

FARAZ ATTARI MADANI

60 عورت کا ہوائی چپل پہننا

سوال: کیا عورت بھی مرد کی طرح احرام میں ہوائی چپل پہنے گی؟

User ID: قاری ظفر اقبال اشرفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حالت احرام میں مردوں کے لئے حکم ہے کہ پاؤں کی درمیان والی ابھری ہوئی ہڈی کھلی رکھیں، اس پر عمل کرنے کے لئے مرد ہوائی چپل (جو ابھری ہوئی ہڈی کی طرف سے کھلی ہوئی ہوتی ہے) پہنتے ہیں، مگر عورت کو یہ ہڈی کھلی رکھنے کا حکم نہیں بلکہ عورت تو حالت احرام میں موزے بھی پہن سکتی ہے لہذا عورت کو ہوائی چپل پہننا ضروری نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "موزے (پہننا عورت کو احرام میں جائز ہے)"۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 1083)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

18 جمادی الاخر 1443ھ / 11 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

61

عورت کی سجدے میں پاؤں کی انگلیوں کی کیفیت

سوال: کیا عورت سجدے میں پاؤں کی انگلیوں کا پیٹ زمین پر لگائے گی جیسے مرد کے لئے حکم ہے؟

User ID: قاری عبد الرحمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

عورت کو سجدے میں پاؤں کی انگلیوں کا پیٹ زمین پر لگانا ضروری نہیں بلکہ عورت کے لئے بہتر یہ ہے کہ سجدے میں اپنی رانوں کو پنڈلیوں سے ملالے اور دونوں پاؤں سیدھی طرف نکالے۔ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ لکھتے ہیں: ”سجدہ سمٹ کر کیجئے یعنی بازو کروٹوں سے، پیٹ ران سے، ران پنڈلیوں سے اور پنڈلیاں زمین سے ملا دیجئے اور دونوں پاؤں سیدھی طرف نکال دیجئے۔“ (اسلامی بہنوں کی نماز، صفحہ 87)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

18 جمادی الاخر 1443ھ / 11 جنوری 2023ء

62

حیض بند ہونے پر غسل ضروری

سوال: ایام مخصوصہ پورے ہونے پر غسل ضروری ہے یا بغیر غسل نماز پڑھ سکتے ہیں؟

User ID: نذیر وزیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حیض سے فارغ ہونے پر عورت پر غسل فرض ہو جاتا ہے اور بغیر غسل کیے ایسی عورت کے لئے نماز پڑھنا جائز نہیں۔ کتب فقہ میں جہاں غسل کے فرض ہونے کے اسباب لکھے ہیں اس میں حیض سے فارغ ہونا بھی لکھا ہے۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 324)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

18 جمادی الاخر 1443ھ / 11 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

63

نفاس کے بند ہونے پر صحبت

سوال: اگر نفاس کے 9 دن بعد خون بند ہو گیا اور غسل کر کے وطی کر لی پھر 20 ویں دن پھر خون آگیا تو نماز کا کیا حکم ہے اور جو وطی کی اس کا گناہ ہو گا؟

User ID: شہوار اسرار

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر یہ پہلی اولاد تھی اور 9 دن کے بعد خون مکمل بند ہو گیا تھا تو غسل کر کے صحبت کرنا جائز تھا اور نماز پڑھنے کا بھی اس کو حکم ہے۔ اور اگر پہلے بھی اولاد ہو چکی ہے تو پچھلی مرتبہ جتنے دن نفاس رہا اس سے پہلے صحبت کرنا جائز نہیں تھا اگرچہ خون رک گیا ہو اگرچہ غسل بھی کر لیا ہو البتہ سابقہ عادت سے پہلے نفاس بند ہو جائے تو غسل کر کے نماز پڑھنے کا حکم ہے۔ دونوں صورتوں میں اگر نفاس چالیس دن سے پہلے دوبارہ شروع ہو جائے تو عورت نماز روک دے گی۔ (ملخصا: بہار شریعت، ح2)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

20 جمادی الاخر 1443ھ/ 14 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

64

مانع حیض گولیاں

سوال: لڑکی کی شادی قریب ہے اور ان دنوں میں ایام کی تاریخیں بھی ہیں تو مانع حیض ادویات کا استعمال کیسا؟ اور اس کے بعد ہمبستری کا کیا حکم ہے؟

User ID: اویس صدیقی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایة الحق والصواب

مانع حیض ادویات کا استعمال شرعا جائز ہے البتہ طبی اعتبار سے نقصان دہ ہے لہذا کسی لیڈی ڈاکٹر کے مشورے سے استعمال کرنا بہتر ہے، بہر حال میڈیسن استعمال کرنے کے بعد اگر خون ان دنوں میں نہیں آتا تو ہمبستری کرنا جائز ہو گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

19 جمادی الاخر 1443ھ / 12 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

65 جس سے نکاح کرنا ہو اس کو دیکھنا

سوال: میں نے سنا ہے کہ جس سے نکاح کرنا ہو اس کو دیکھ سکتے ہیں؟

User ID: عکس مراد علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

حدیث پاک میں ہے کہ جس سے نکاح کرنا ہو اس کو دیکھ لو کیونکہ یہ بقائے محبت کا ذریعہ ہے۔ اس حدیث پاک کے پیش نظر فقہاء نے یہ وضاحت کی ہے کہ جس سے نکاح کرنا ہو اس کو نکاح کا پیغام دینے سے پہلے ایک مرتبہ بہانے سے دیکھنا یا کسی معتبر خاتون سے دکھوا لینا جائز ہے اور اس دیکھنے میں حدیث پر عمل کی نیت ہو۔ یہاں چند باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے، ایک تو لڑکا و لڑکی میں تنہائی نہ ہو اور لڑکی مکمل پردے میں ہو سوائے چہرے اور ہاتھوں کے کیونکہ یہاں اتنا ہی دیکھنا جائز ہے۔ فی زمانہ تصویر دکھائی جاتی ہے تو اوپر بیان کی گئی قید کے ساتھ تصویر دیکھنا بھی جائز ہے مگر اس میں یہ احتیاط رہے کہ تصویر کا غلط استعمال نہ کیا جائے اور بار بار نہ دیکھی جائے۔ (ماخوذ از: بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 447)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 جمادی الاخر 1443ھ / 16 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
آن لائن

66

عدت کے حوالے سے چند مسائل

سوال: عورت کے شوہر کا انتقال ہو گیا اس کی عدت کب سے شروع ہو گی؟ عدت کتنی ہو گی؟ پردہ کس کس سے ہے؟ اور عدت کہاں گزارے گی؟

User ID: گل محمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

1) اگر کسی کے شوہر کا انتقال ہو جائے تو عدت انتقال کے وقت سے ہی شروع ہو جائے گی۔

2) اگر عورت غیر حاملہ ہے تو اگر انتقال اسلامی مہینے کی پہلی تاریخ کو ہوا تو عدت 4 ماہ دس دن ہو گی ورنہ 130 دن پورے کرنے ہوں گے۔ حاملہ کی عدت وضع حمل ہے۔

3) عورت کا عدت سے پہلے جس سے پردہ تھا اس سے اب بھی ہو گا اور پہلے جس سے پردہ نہیں تھا اس سے اب بھی نہیں، عدت کی وجہ سے پردے کے احکام میں فرق نہیں آئے گا۔

4) عدت شوہر کے گھر ہی گزارنی ہو گی۔ (کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 جمادی الاخر 1443ھ / 17 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

67 خلع سے مہر کا معاف ہونا

سوال: کیا عورت خلع لے لے تو مہر معاف ہو جاتا ہے؟

User ID: شکور

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

خلع لینے سے مہر معاف نہیں ہو جاتا، یہ ایک الگ مالی معاملہ ہے اور مہر پہلے سے شوہر پر لازم ہے البتہ بیوی مہر معاف کر دے یا شوہر مہر کے بدلے خلع دے اور مہر کی ادائیگی نہیں ہوئی تو مہر ساقط ہو جائے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 جمادی الاخر 1443ھ/ 18 جنوری 2023ء

68

حیض میں اذان کا جواب

سوال: حالت حیض میں اذان کا جواب دینا کیسا؟

User ID: ام اویس

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

حالت حیض میں اذان کا جواب دینا بالکل جائز ہے۔ عالمگیری میں ہے:" ویجوز للجنب والحائض الدعوات وجواب الأذان" ترجمہ: جنبی اور حائضہ کے لئے دعا کرنا اور اذان کا جواب دینا جائز ہے۔ (عالمگیری، جلد1، صفحہ 38)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

30 جمادی الاخر 1443ھ / 23 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

69

ایام مخصوصہ میں مدنی قاعدہ

سوال: ایام مخصوصہ میں مدنی قاعدہ پڑھنا کیسا؟

خرم زاہد عطاری:User ID

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

حیض و نفاس یا حالت جنابت میں مدنی قاعدے کی وہ تختیاں پڑھ سکتے ہیں جن میں صرف حروف ہوں، کلمات قرآن نہ ہوں، مثلا حروف مفردہ، حروف مدہ، حروف لین، تنوین وغیرہ۔ اسی طرح مرکبات والی وہ تختیاں جن میں مختلف حروف کی پہچان، مدہ ولین، تنوین و حرکات وغیرہ کی درست ادائیگی کروانے کے لئے الفاظ لکھے ہوتے ہیں، جیسے خلق، نزل وغیرہ ان کو بھی پڑھنا اور چھونا جائز ہے۔ وہ تختیاں جن میں کلمات قرآن یا قرآن کی آیات ہوں مثلا ھو اللہ احد، وھم ینظرون وغیرہ، ان کو نہیں پڑھ سکتے البتہ معلمہ (teacher) ان الفاظ کو توڑ توڑ کر پڑھا سکتی ہے یعنی ہر کلمہ پر سانس لے جیسے قل ھو اللہ احد میں قل پڑھ کر سانس لے پھر ھو پر پھر لفظ اللہ پر، نیز ان کی ادائیگی کے وقت قرآن کی نیت نہ کرے۔ (ملخصا: فتاوی دار الافتاء اھلسنت)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

01 رجب المرجب 1443ھ /24 جنوری 2023ء

70

روزے میں انٹرنل چیک اپ

سوال: روزے میں عورت کا انٹرنل چیک اپ ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا؟

User ID: طالب مدینہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بلا عذر شرعی عورت کو انٹرنل چیک اپ کروانا جائز نہیں۔ بہر حال اگر کسی نے روزے میں انٹرنل چیک اپ کروایا تو اگر کوئی آلہ پورا اندر داخل کیا گیا کہ دوسرا حصہ باہر نہ رہا یا پھر ایک حصہ اندر داخل کیا مگر اس میں کوئی دوا وغیرہ تھی اور وہ اندر پہنچی تو روزہ ٹوٹ گیا اور اگر آلہ کا ایک حصہ باہر رہا اور وہ تر بھی نہیں تھا تو روزہ نہ ٹوٹا۔ بہار شریعت میں ہے: "کوئی چیز پاخانہ کے مقام میں رکھی، اگر اس کا دوسرا سرا باہر رہا تو نہیں ٹوٹا، ورنہ جاتا رہا لیکن اگر وہ تر ہے اور اس کی رطوبت اندر پہنچی تو مطلقاً جاتا رہا، یہی حکم شرم گاہ زن کا ہے۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 986)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

03 رجب المرجب 1443ھ / 26 جنوری 2023ء

متفرق

FARAZ ATTARI MADANI

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

71

بہر شبلی شیر حق کی وضاحت

سوال: اس شعر کی وضاحت کر دیں "بہر شبلی شیر حق دنیا کے کتوں سے بچا ایک کا رکھ عبد واحد بے ریا کے واسطے"؟

User ID: عمران نذیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شجرہ قادریہ کے اس شعر کے پہلے مصرعہ میں حضرت ابو بکر شبلی رحمۃ اللہ علیہ کے وسیلے سے دعا کی گئی ہے کہ یا اللہ پاک مجھے ان کے صدقے دنیا داروں اور مال کے حریصوں سے بچا اور دوسرے مصرعہ میں حضرت عبد الواحد رحمۃ اللہ علیہ کے صدقے دعا مانگی جارہی ہے کہ مجھے مخلص بندہ بنا دے۔ چنانچہ شرح شجرہ قادریہ میں ہے: "یا اللہ عزوجل مجھے شیر حق حضرتِ سیدنا ابو بکر شبلی علیہ رحمۃ اللہ الولی کے صدقے دنیا کے کتوں (یعنی مال و دولت کے حریصوں) سے بچا اور حضرتِ سیدنا عبد الواحد علیہ رحمۃ اللہ الواحد کا واسطہ مجھے ایک در کا بنادے۔" (شرح شجرہ قادریہ، ص74)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

09 جمادی الاخر 1443ھ / 02 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

72

کبوتر حلال

سوال: کبوتر حلال ہے یا حرام؟

User ID: اویس احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کبوتر بالاتفاق حلال ہے اس کو ذبح شرعی کے بعد کھانا جائز ہے۔عالمگیری میں ہے:"الحمام حلال بالاجماع کذا فی البدائع" ترجمہ: کبوتر بالاتفاق حلال ہے جیسا کہ بدائع میں بھی ہے۔
(عالمگیری، جلد5، صفحہ 289)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی

24 جمادی الاخر 1443ھ/17 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

73

سنت کی اقسام

سوال: سنت کی کتنی اقسام ہیں؟

User ID: رضا مہدی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

سنت کی بنیادی طور پر دو قسمیں ہیں۔(1) سنت مؤکدہ (2) سنت غیر مؤکدہ۔ سنت مؤکدہ سے مراد وہ کام جس پر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے عبادت کی غرض سے ہمیشگی اختیار فرمائی لیکن اس بات کو بیان کرنے کے لئے کہ یہ فرض یا واجب نہیں کبھی ترک بھی فرمایا۔ سنت غیر مؤکدہ کا مطلب وہ کام جس پر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے بطور عادت ہمیشگی اختیار فرمائی۔ سنت مؤکدہ کو ایک آدھ بار بلا عذر چھوڑا تو برا کیا مگر گناہ نہیں لیکن عادت بنائی تو گناہ ہے اور سنت غیر مؤکدہ کو بلا وجہ چھوڑنے کی عادت بھی گناہ نہیں مگر ثواب سے محرومی ہے۔ سنت مؤکدہ کو سنن ہدی جبکہ سنت غیر مؤکدہ کو سنن زوائد بھی کہتے ہیں۔ (ماخوذا: عمامہ کے فضائل، صفحہ 48،47)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 جمادی الاخر 1443ھ / 20 جنوری 2023ء

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

74

امت دعوت اور امت اجابت

سوال: غیر مسلم بھی حضور ﷺ کی امت میں ہے ایسا کہنا کیسا؟

عادل راجا:User ID

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امت کی دو اقسام ہیں:(1) امت دعوت (2) امت اجابت۔امت دعوت کا مطلب جس جس کو حضور ﷺ نے اسلام کی دعوت دی یا کسی ذریعے سے ان تک اسلام کی دعوت پہنچی،اس اعتبار سے غیر مسلم حضور ﷺ کی امت دعوت میں سے ہیں،جبکہ جنھوں نے اس دعوت کو قبول کیا وہ امت اجابت کہلائی اور مسلمان امت اجابت میں شمار کیے جاتے ہیں۔فتاوی رضویہ میں ہے:"اعتقاد میں بدعتی اگرچہ اہل قبلہ سے ہے لیکن امت اجابت میں نہیں بلکہ وہ مثل کفار امت دعوت میں سے ہے۔"

(فتاوی رضویہ، جلد14، صفحہ286)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

03رجب المرجب1443ھ/26جنوری 2023ء

جائز و ناجائز

FARAZ ATTARI MADANI

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

75

کسی کے لئے چیز خریدنا

سوال: اگر کوئی کسی سے کہے کہ میرے لئے یہ چیز لے آنا تو چیز لانے والے کا نفع رکھنا کیسا؟

User ID: طور علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ہمارے عرف میں جب کسی سے چیز منگواتے ہیں تو اس کو وکیل بناتے ہیں تو اگر کسی سے بطور وکیل (نائب) کے کوئی چیز منگوائی تو اس سے نفع لینا جائز نہیں کیونکہ وکیل پر لازم ہے کہ جتنے کی چیز ملی ہے مؤکل (نائب بنانے والے) سے اتنی ہی رقم وصول کرے البتہ چیز لانے والا نفع لینا چاہتا ہے تو پہلے سے طے کرلے کہ میں چیز لانے کی اتنی اجرت لوں گا یا پھر چیز خرید کر دوسرے کو اس طرح بیچے کہ دوسرے کو پتا ہو کہ میں اس سے خرید رہا ہوں تو اب نفع لینا جائز ہو گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 جمادی الاخر 1443ھ / 01 جنوری 2023ء

76

غیر ملکی کرنسی قرض دی

سوال: غیر ملکی کرنسی قرض میں لی اور ادائیگی دوسری کرنسی میں کی تو کس ریٹ کا اعتبار ہو گا؟

User ID: ابو عمار قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اولا تو یہ یاد رکھیں کہ کرنسی نوٹ مثلی ہیں اور مثلی چیز جب قرض میں دی جائے تو واپس اسی کی مثل لوٹانا ضروری ہے، لہذا اگر پہلے سے دوسری کرنسی میں قرض دینا طے پایا تو ایسا کرنا ناجائز وگناہ ہے اور لازم ہے کہ جو کرنسی جتنی قرض میں لی وہی کرنسی اتنی ہی واپس کردے البتہ پہلے سے مشروط نہ ہو اور وقت ادائیگی دونوں فریق دوسری کرنسی پر راضی ہوں تو جائز ہے۔ اب اگر پہلے سے دوسری کرنسی میں دینا مشروط نہیں تھا تو وقت ادائیگی جس ریٹ پر بھی دونوں کا اتفاق ہو جائے جائز ہے۔

(ماخوذا: فتاوری رضویہ، جلد17، صفحہ 424، بہار شریعت، جلد2، صفحہ 756،757)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 جمادی الاخری 1443ھ / 01 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

77

مرد کا ریشم پہننا

سوال: مرد کا ریشم پہننا کیسا؟

User ID: مسرور رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مرد کا خالص ریشم پہننا ناجائز و حرام ہے اور یہاں ریشم سے مراد وہ کپڑا ہے جو ریشم کے کیڑوں سے حاصل ہونے والے تار سے بنایا جاتا ہو، لیکن فی زمانہ مارکیٹ میں مختلف ناموں سے جو ریشم آتے ہیں وہ خالص ریشم نہیں ہوتے بلکہ وہ کپڑے کی نرمی کی وجہ سے ریشمی کہلاتے ہیں لہذا ان کا استعمال جائز ہے البتہ کسی جگہ خالص ریشم کا کپڑا ملتا ہو تو اس کے استعمال کی اجازت نہیں ہو گی۔ حدیث میں ہے: "ان اللہ عزوجل احل لاناث امتی الحریر و الذھب وحرمہ علی ذکورھا" ترجمہ: بے شک اللہ پاک نے میری امت کی عورتوں پر ریشم اور سونے کو حلال رکھا اور مردوں پر ان دونوں کو حرام کیا۔ (نسائی، ح۵۱۵۸)

اعلی حضرت لکھتے ہیں: "ریشم کے کیڑے پرورش کئے جاتے ہیں جب ان کے انڈے بچے ہو کر بڑے ہوتے ہیں تو پانی میں ان کو جوش دیا جاتا ہے جب وہ گھل جاتے ہیں تو ان سے تار نکالا جاتا ہے وہی ریشم ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد22، صفحہ 178)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 جمادی الاخر 1443ھ/04 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

78

فارمیسی کالائسنس کرایہ پر دینا

سوال: فارمیسی کالائسنس کرایہ پر دینا کیسا؟

User ID: شمس الدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

فارمیسی کالائسنس کرایہ پر دینا جائز نہیں اس لئے کہ لائسنس ایک حق ہے جو اس کے اہل ہی کو دیا جاتا ہے اور صرف حق کو کرایہ پر دینا ناجائز ہے، اسی طرح اس پر قانونی پابندی بھی ہے اور ایسا قانون جو شریعت سے نہ ٹکراتا ہو اس پر عمل کرنا لازم ہے۔ مفتی علی اصغر صاحب لکھتے ہیں: "جی نہیں! لائسنس کو کرایہ پر دینا جائز نہیں کیونکہ فقہی طور پر لائسنس کرایہ پر دینا، گھر کرایہ پر دینے کی طرح نہیں، بلکہ یہ ایک حق (Right) ہے جسے کرایہ پر دے کر آپ فائدہ اٹھا رہے ہیں اور محض حق (Right) کو کرایہ پر دینا جائز نہیں۔ اگر میڈیکل اسٹور کو چلانے کے قانونی تقاضے پورے ہوتے ہوں تو جواز کا راستہ یہ ہو سکتا ہے کہ دکان میں فرنیچر ڈلوا دے اور اس فرنیچر کا کرایہ وصول کرے۔" (ماہنامہ فیضان مدینہ، ربیع الاخر، 1442)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 جمادی الاخر 1443ھ/05 جنوری 2023ء

79

میڈیسن کمپنی کا ڈاکٹر کو ڈسکاؤنٹ

سوال: میڈیسن کمپنی اگر ڈاکٹر کو آفر دے کہ آپ ہماری دوائیں لکھ کر دیں ہم آپ کو 20٪ ڈسکاؤنٹ دیں گے تو یہ لینا کیسا؟

User ID: محمد عثمان منیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

میڈیسن کمپنی کا ڈاکٹر کو اپنی کمپنی کی دوا لکھنے پر ڈسکاؤنٹ دینا رشوت ہے اور رشوت لینا اور دینا حرام ہے۔ کمپنی اپنا کام نکلوانے کے لئے یہ آفر دیتی ہے تاکہ اس کی دوائیں زیادہ سیل ہوں اور اپنا کام نکلوانے کے لئے کچھ دینا رشوت ہے۔ اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "رشوت لینا مطلقا حرام ہے کسی حالت میں جائز نہیں، جو پرایا حق دبانے کے لیے دیا جائے رشوت ہے، یوہیں جو اپنا کام بنانے کے لیے حاکم کو دیا جائے رشوت ہے، لیکن اپنے اوپر سے دفع ظلم کے لیے جو کچھ دیا جائے دینے والے کے حق میں رشوت نہیں یہ دے سکتا ہے، لینے والے کے حق میں وہ بھی رشوت ہے اور اسے لینا حرام۔"

(فتاوی رضویہ، ج23، ص597)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 جمادی الاخر 1443ھ/05 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

80 غیر عالم کا شاعری کرنا

سوال: غیر عالم کا شاعری کرنا کیسا؟

User ID: فیصل صالح

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

غیر عالم کو شاعری کرنے سے بچنا چاہیے کیونکہ کم علمی کی وجہ سے بعض اوقات اللہ و رسول ﷺ کی شان میں بے ادبی کے الفاظ استعمال کرلیے جاتے ہیں، اسی طرح گمراہ کن و خلاف شرع باتیں بھی بیان کردی جاتی ہیں، عشقیہ و فسقیہ اشعار لکھنا بھی ممنوع ہے، لہذا اگر کوئی غیر عالم شاعری کرتا ہے تو اسے چاہیے کہ کسی صحیح العقیدہ عالم کو چیک کروالے۔ یاد رہے شاعری ایک فن ہے اور کسی فن میں کام کرنا ہو تو اس کے تقاضوں کو بھی ملحوظ رکھنا ہوتا ہے، کئی افراد شوقیہ شاعری کرتے ہیں اور انہیں فن شاعری کا بنیادی علم بھی نہیں ہوتا لہذا ایسا کرنا بھی مناسب نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 جمادی الاخر 1443 ھ /05 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

گندم قرض دینا

سوال: ایک ماہ کے لئے بطور قرض ایک من گندم دے کر واپس ایک من لینا کیسا؟

User ID: الحنفی البریلوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

معلوم کی گئی صورت میں گندم قرض دینا جائز ہے کیونکہ گندم کا وزن معلوم ہو اور جتنا قرض میں دیا اس سے زیادہ لینا مشروط نہ ہو تو جائز ہے۔ درمختار میں ہے: "استقراض العجین وزنا یجوز" ترجمہ: آٹا وزن کر کے قرض لینا جائز ہے۔ (درمختار، صفحہ 430)

بہار شریعت میں ہے: "ادائے قرض میں چیز کے سستے مہنگے ہونے کا اعتبار نہیں مثلاً دس سیر گیہوں قرض لیے تھے اُن کی قیمت ایک روپیہ تھی اور ادا کرنے کے دن ایک روپیہ سے کم یا زیادہ ہے اس کا بالکل لحاظ نہیں کیا جائے گا وہی دس سیر گیہوں دینے ہونگے۔" (بہار شریعت، جلد2، صفحہ 757)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 جمادی الاخر 1443ھ / 05 جنوری 2023ء

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

82

کمیشن کی ایک ناجائز صورت

سوال: مجھے ایک شخص نے کہا کہ میری گاڑی 5 لاکھ میں بکوا دو اوپر جو ملے وہ تمہارا کیا یہ جائز ہے؟

User ID: عادل حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

معلوم کی گئی صورت ناجائز ہے کیونکہ اس میں اجرت متعین نہیں اور شرعی اصول یہ ہے کہ کمیشن متعین و عرف کے مطابق ہونا ضروری ہے۔ اس کی جائز صورت یہ ہو سکتی ہے کہ کمیشن طے کر لیا جائے کہ آپ یہ گاڑی بکوا دیں آپ کو اتنا کمیشن (جو مارکیٹ میں اس کام کا رائج ہے) دیں گے، گاڑی جتنے کی بھی بکے وہ رقم بیچنے والے کو دے دی جائے اب بیچنے والا اپنی مرضی سے اوپر کی رقم بطور تحفہ بروکر کو دینا چاہے تو جائز ہے، گاڑی کا مالک کمیشن طے کرنے کے ساتھ بروکر کو پہلے سے پیشکش بھی کر سکتا ہے کہ گاڑی اگر پانچ لاکھ سے اوپر کی بکی تو آپ کو بطور انعام اوپر کی رقم دی جائے گی۔

(ماخوذ از: ماہنامہ فیضان مدینہ، جمادی الاخری، 1439)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

13 جمادی الاخر 1443ھ / 06 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

AL RAZA QURAN-O-FIQH ACADEMY

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

83

شاعری کی شرعی حیثیت

سوال: قرآن پاک میں شاعروں کی پیروی سے منع کیا گیا ہے اس کی وضاحت کر دیں۔

User ID: فیروز خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اللہ پاک سورۃ الشعراء آیت 224 میں ارشاد فرماتا ہے: "وَالشُّعَرَآءُ یَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ" ترجمہ: اور شاعروں کی پیروی تو گمراہ لوگ کرتے ہیں۔ تفسیر: اس سے معلوم ہوا کہ شاعروں کا جھوٹے اور باطل اَشعار لکھنا، انہیں پڑھنا، دوسروں کو سنانا اور انہیں معاشرے میں رائج کرنا گمراہ لوگوں کا کام ہے، اس سے ان لوگوں کو نصیحت حاصل کرنی چاہئے جو ایسے اشعار لکھتے ہیں جن میں اللہ تعالیٰ اور نبیٔ کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی توہین، دینِ اسلام اور قرآن کا مذاق اڑانے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کے مقرب بندوں کی شان میں گستاخی کے کلمات ہوتے ہیں، یونہی بے حیائی، عُریانی اور فحاشی کی ترغیب پر مشتمل نیز عورت اور مرد کے نفسانی جذبات کو بھڑکانے والے الفاظ کے ساتھ شاعری کرتے ہیں اور ان کے ساتھ ساتھ وہ لوگ بھی نصیحت حاصل کریں جو ان کی بیہودہ شاعری سنتے، پڑھتے اور دوسروں کو سناتے ہیں۔۔۔ یاد رہے کہ اشعار فی نفسہ برے نہیں کیونکہ وہ ایک کلام ہے، اگر اشعار اچھے ہیں تو وہ اچھا کلام ہے اور برے اشعار ہیں تو وہ برا کلام ہے۔

(صراط الجنان، جلد7، ص170، 168)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

15 جمادی الاخر 1443ھ / 08 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

84 تعزیت کا وقت

سوال: کتنے دنوں تک تعزیت کر سکتے ہیں؟ باہر کے ممالک سے لوگ کچھ عرصہ بعد آتے ہیں ان کے لئے کیا حکم ہے؟

User ID: خرم شہزاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

شریعت نے تعزیت کے لئے تین دن مقرر کیے ہیں، اس کے بعد تعزیت کرنا مکروہ تنزیہی ہے کیونکہ تین دن کے بعد اگر تعزیت کی جائے تو غم تازہ ہو جائے گا جبکہ تعزیت کا مقصد گھر والوں کا غم ہلکا کرنا ہے، لہذا یہ تعزیت کے مقصد کو فوت کر دے گا، البتہ اگر کوئی فوتگی کے وقت موجود نہیں تھا یا اسے موت کی خبر نہ ملی یا جس سے تعزیت کرنی ہے وہی موجود نہیں تھا اور اب وہ تعزیت کرنا چاہتا ہے تو اس کے لئے بغیر کسی کراہت کے اجازت ہے۔ شامی میں ہے: "﴿وتکرہ بعدھا﴾ و الظاھر انھا تنزیھیۃ ﴿الا لغائب﴾ ای الا ان یکون المعزِی و المعزی غائبا فلا باس بھا جوھرۃ، قلت: و الظاھر ان الحاضر الذی لم یعلم بمنزلۃ الغائب" ترجمہ: تین دن کے بعد تعزیت کرنا مکروہ ہے اور ظاہر یہ ہے کہ یہ مکروہ تنزیہی ہے، لیکن غائب شخص کے لئے مکروہ نہیں یعنی تعزیت کرنے والا یا جس سے تعزیت کرنی ہے وہ غائب ہو تو تین دن کے بعد بھی تعزیت کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ میں کہتا ہوں: ظاہر یہ ہے کہ ایسا شخص جو موجود تھا مگر اسے موت کا علم نہیں ہوا، وہ بھی غائب کے حکم میں ہے۔ (شامی، ج3، ص177)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

16 جمادی الاخر 1443ھ / 09 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

85

نمستے یا نمسکار کہنا

سوال: نمستے یا نمسکار کا مطلب کیا ہے اور کسی کو کہنا کیسا؟

User ID: محمد امان نوری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نمستے یا نمسکار غیر مسلموں کا شعار ہے جسے وہ گفتگو سے پہلے آداب وتسلیمات کے طور پر استعمال کرتے ہیں اور کسی مسلمان کو یہ الفاظ استعمال کرنا ناجائز و گناہ ہے۔ فیروز اللغات میں ہے: "(اس کا معنی ہے) بندگی، آداب، تسلیم۔"

(فیروز اللغات، صفحہ 688)

مرکز تربیت افتاء میں ہے: "نمستے و نمسکار کرنا حرام و گناہ ہے اس لئے کہ یہ غیر مسلموں کا شعار ہے اگر کوئی کسی کو کہے "السلام علیکم" تو ہر شخص جان جاتا ہے کہ یہ مسلم ہے اور اگر کوئی نمستے یا نمسکار جے رام جی کی کہے تو سب کو معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ ہندو ہے۔"

(مرکز تربیت افتاء، جلد 2، صفحہ 70)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 جمادی الاخر 1443ھ / 10 جنوری 2023ء

86 لون اپلی کیشنز سے قرض لینا

سوال: نیٹ پر مختلف لون ایپ ہیں جن سے قرض ملتا ہے اور واپسی میں اضافی رقم یا سروس چارجز لیتی ہیں؟

User ID: امتیاز حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو اپلی کیشنز قرض پر اضافی رقم لیتی ہیں چاہے پہلے کاٹ لیں یا بعد چاہے سروس چارجز کے نام پر یا اضافی رقم کا بول کر یہ سب ناجائز و حرام اور سودی لین دین ہے اس لئے کہ قرض کے اوپر مشروط نفع لینا سود ہے اور اس کی حدیث پاک میں واضح ممانعت آئی ہے۔ چنانچہ حضور ﷺ نے فرمایا: "کل قرض جر منفعة فهو ربا" ترجمہ: ہر وہ قرض جو نفع کھینچے تو وہ سود ہے۔ (نصب الرایہ، جلد 4، صفحہ 60)

فتاوی اہلسنت میں ہے: "واضح رہے کہ ان اپلی کیشنز کے ذریعے قرض کے اوپر جو اضافہ لیا جاتا ہے، اس کو انٹرسٹ (interest) کہا جائے، پروسیسنگ فیس کہا جائے یا سروس چارجز کا محض نام دیا جائے، ہر صورت میں یہ اضافہ سود اور حرام ہی کہلائے گا۔ نام بدلنے سے چیز کی حقیقت و مفہوم نہیں بدلتا اور شریعت کا قاعدہ ہے اعتبار مقاصد و معانی کا ہوتا ہے نہ کہ الفاظ کا۔" (فتاوی اہلسنت، فتوی نمبر UK-80)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

18 جمادی الاخر 1443ھ / 11 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

87

غیر مسلم کے مکان یا دکان پر فاتحہ

سوال: غیر مسلم کے مکان یا دکان پر قرآن خوانی کے لئے جانا کیسا، ہمارے ہاں بعض ہندو اولیاء کرام کی نیاز کرتے ہیں؟

User ID: سالک خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

غیر مسلم کے مکان یا دکان پر جاکر قرآن خوانی کرنا اور اولیاء کرام کو ایصال ثواب کرنا جائز ہے جبکہ کسی اور ممنوع شرعی کا ارتکاب نہ کرنا پڑتا ہو البتہ یہ یاد رہے کہ اگر وہاں جانداروں یا ان کے بتوں وغیرہ کی تصویریں ہوں تو عین اس جگہ پر بیٹھ کر قرآن خوانی نہ کرے۔ مفتی شریف الحق امجدی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "یہاں اس زمانے میں ہندوؤں کے گھر کسی مباح کام کے لئے جانے کہ اجازت ہے۔ تمام مسلمانوں کا اس پر عمل در آمد ہے اس لئے کسی ہندو کے گھر جاکر قرآن مجید پڑھنا اور کسی بزرگ یا مسلمان کے نام ایصال ثواب کرنا جائز و درست ہے۔ کفر تو کیا ہو گا گناہ بھی نہیں جب کہ ہندو کے اس گھر میں جس میں قرآن خوانی ہوئی ہے دیوتاؤں کی تصویریں نہ ہوں۔ اور کسی جاندار کی تصویر نہ ہو۔" (فتاوی شارح بخاری، جلد2، صفحہ 550)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

18 جمادی الاخر 1443ھ / 11 جنوری 2023ء

88

تعریف حسن یار میں سارا قرآن لکھ دیا

سوال: یہ شعر پڑھنا کیسا جنون عشق سے تو خدا بھی نہ بچ سکا تعریف حسن یار میں سارا قرآن لکھ دیا؟

User ID: ثنا آفرین

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

یہ شعر سخت بے ادبی پر مشتمل ہے، اس کو پڑھنا سننا ناجائز و حرام ہے۔ اس شعر میں اللہ پاک کی طرف جنون کی نسبت کی گئی ہے جو کہ اللہ پاک کی شان کے سخت خلاف ہے، اسی طرح اللہ پاک کو عاشق کہنا بھی ناجائز ہے، اور یہ الفاظ "نہ بچ سکا" سے اللہ پاک کا عجز لازم آرہا ہے جو کہ اسلام سے خارج کرنے والا ہے۔ اگر کسی نے عجز والے معنیٰ کی تائید کرتے ہوئے پڑھا یا سنا تو دائرہ اسلام سے خارج ہو جائے گا۔ ھندیہ میں ہے: "یکفر إذا وصف اللہ تعالی بما لایلیق بہ .... أو نسبہ إلی الجھل أو العجز أو النقص" ترجمہ: تکفیر کی جائے گی جب اللہ پاک کو ایسی صفت سے موصوف کیا جو اس کی شان کے لائق نہیں یا اللہ پاک کی طرف جہل یا عجز نقص کی نسبت کی (تو بھی تکفیر کی جائے گی)۔

(عالمگیری، جلد2، صفحہ 258)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 جمادی الاخر 1443ھ / 12 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

89

بیلنس ڈالیں منٹس پائیں

سوال: کمپنی والے یہ میسج کرتے ہیں کہ اس سم پر اتنا بیلنس ڈالیں اور فری منٹس پائیں کیا درست ہے؟

User ID: نعیم سیال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اس آفر کو حاصل کرنے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ بیلنس ڈلوانا یہ سروس کا خریدنا ہے اور اس پر منٹس کا ملنا یہ کمپنی کی طرف سے انعام ہے تو یہ اسی طرح ہے جیسے بعض چیزوں کی خریداری پر کمپنیاں انعامات کی آفر کرتی ہیں اور میں شرعا کوئی حرج نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 جمادی الاخر 1443ھ/14 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

90

واش روم کے چپل

سوال: میں نے سنا ہے کہ واش روم کے لئے مردوں عورتوں کے چپل الگ ہونے چاہیے؟

User ID: عبدالغنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

احادیث میں مردوں اور عورتوں کو ایک دوسرے کی مشابہت سے منع کیا گیا ہے اور یہ ممانعت وضع قطع کو بھی شامل ہے اور کسی جگہ یا کسی وقت کے ساتھ خاص نہیں بلکہ ہر جگہ مردوں و عورتوں کو ایک دوسرے کی مشابہت سے بچنا لازم ہے۔لہذا عورتوں کو مردانہ جوتا پہننا اور مردوں کو زنانہ جوتا پہننا بھی منع ہے چاہے واش روم جانے کے لئے پہننا ہو یاد عوت کے لئے البتہ ایسے جوتے جو مردوں عورتوں دونوں کے لئے بنائے جاتے ہیں اور اس میں کسی جنس کا امتیاز نہیں ہوتا تو وہ جوتے مرد و عورت دونوں ہی پہن سکتے ہیں۔ابو داؤد میں ہے:" قیل لعائشۃ رضی اللہ عنھا إن امرأۃ تلبس النعل فقالت لعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الرجلۃ من النساء "ترجمہ: عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی گئی ایک عورت (مردانہ) جوتا پہنتی ہے تو آپ نے ارشاد فرمایا رسول اللہ ﷺ نے مردانہ جوتا پہننے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔ (ابو داؤد، 4099)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 جمادی الاخر 1443ھ / 14 جنوری 2023ء

91

کھڑے ہو کر شلوار پہننا

سوال: کھڑے ہو کر شلوار پہننا اور اتارنا کیسا؟

احقر العباد: User ID

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کھڑے ہو کر شلوار پہننا یا اتارنا شرعی اعتبار سے جائز ہے لیکن حدیث پاک میں یہ موجود ہے کہ جس نے کھڑے ہو کر شلوار یا پاجامہ پہنا تو اللہ پاک اسے ایسی مصیبت میں یا مرض میں مبتلا فرمائے گا جس کی دوا نہیں، اور بعض بزرگوں نے فرمایا کہ اس سے محتاجی اور تنگدستی آتی ہے، اس لئے بہتر یہ ہے کہ شلوار، پاجامہ وغیرہ بیٹھ کر پہنا جائے۔ شاہ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ حدیث پاک نقل کرتے ہیں: "من تعمم قاعدا او تسرول قائما ابتلاہ اللہ تعالی ببلاء لا دواء لہ" ترجمہ: جس نے بیٹھ کر عمامہ باندھا یا کھڑے ہو کر سراویل (شلوار/پاجامہ) پہنی تو اللہ پاک اسے ایسے مرض میں مبتلا فرمائے گا جس کی دوا نہیں۔ (کشف الالتباس، ص39)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 جمادی الاخر 1443ھ / 16 جنوری 2023ء

92

سایہ خدائے ذوالجلال

سوال: قومی ترانے میں سایہ خدائے ذوالجلال کا کیا مطلب ہے؟

User ID: مہدر رفیق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اللہ تبارک وتعالیٰ جسم وجسمانیت اور سائے سے پاک ہے اور یہ ہمارا بنیادی عقیدہ ہے۔ شرعی اصول یہ ہے کہ جب تک کسی کلام میں تاویل ممکن ہو اس کی تاویل کی جائے گی اور یہاں تاویل ممکن ہے اور یہاں اصل مفہوم یہ ہے "سایہ رحمت خدائے ذوالجلال" یعنی عزت وجلال والے مالک کی رحمت کا سایہ، فن شعری کی وجہ سے لفظ "رحمت" کو محذوف مانا جائے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 جمادی الاخر 1443ھ / 16 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

93

چھوٹے میاں سبحان اللہ

سوال: یہ محاورہ بولنا کیسا ہے بڑے میاں تو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ؟

User ID: اسد منیر عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

عموما یہ محاورہ کسی چھوٹے کی شرارت پر بولا جاتا ہے، وہ شرارت شرعی اعتبار سے جائز بھی ہو سکتی ہے اور ناجائز بھی، اس لئے اس محاورہ کے حوالے سے بھی دونوں صورتیں بنیں گی۔ اگر تو بچے کی حرکت شرعا اخلاقا کسی طرح بھی بری نہیں تو بطور تعجب کہ یہ بولنا شرعا جائز ہے اور اگر وہ شرارت شرعا و اخلاقا بری ہو تو یہ محاورہ بولنے کی اجازت نہیں ہو گی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26 جمادی الاخر 1443ھ / 19 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

94 پولیو کے قطرے

سوال: پولیو کے قطرے پلانا کیسا؟

User ID: محمد جنید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

شرعی اعتبار سے پولیو کے قطرے پلانا جائز ہے البتہ طبی اعتبار سے اس کے کیا معاملات ہیں وہ کسی ماہر ڈاکٹر سے معلوم کر لیے جائیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 جمادی الاخر 1443ھ / 20 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

95

قرآن کے سائے میں رخصتی

سوال: شادیوں میں خواتین کو قرآن کے سائے میں رخصت کیا جاتا ہے ایسا کرنا کیسا؟

User ID: فہد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

رخصتی کے وقت عورت کے اوپر قرآن پاک اٹھانا شرعا جائز ہے مگر اس میں چند باتوں کا خیال رہے۔ قرآن جزدان میں نہیں تو اٹھانے والے کا باوضو ہونا ضروری ہے، بے پردہ عورتوں کے جھرمٹ میں نہ ہو۔ یہاں یہ بات بھی ذہن نشین رہے کہ قرآن کے سائے میں رخصت کرنے کا اصل فائدہ اس وقت حاصل ہو گا جب شادی کے معاملات شرعی تقاضوں کے مطابق کیے جائیں۔ اگر اول سے آخر شریعت کے احکام کو پامال کیا جاتا رہا مثلا میوزک، ناچ گانا، ڈانس وغیرہ تو رخصت کرتے وقت اوپر قرآن اٹھا لینے سے نہ اس کا گناہ معاف ہو گا نہ گناہوں کی نحوست سے چھٹکارا ملے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 جمادی الاخر 1443ھ/ 21 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

96

قاعدے یا قرآن پر نشانی لگانا

سوال: قاری صاحبان قرآن پر پینسل وغیرہ سے نشانی لگاتے ہیں ایسا کرنا کیسا؟

User ID: عبد الرحمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قرآن پاک یا قاعدہ اگر وقف کا ہو تو اس پر نشان لگانا ممنوع ہے، اسی طرح نابالغ کا ذاتی ہو تو بھی نشان لگانے سے بچنا چاہیے، اور اگر بالغ کا ہو یا نابالغ کے سرپرست کی ملک ہو تو اگر یاد رکھنے کی کوئی اور صورت نہیں تو اس پر نشان لگانے میں حرج نہیں لیکن یہ احتیاط کی جائے کہ پینسل سے نشان لگایا جائے اور ضرورت ختم ہونے پر نشان مٹا دیا جائے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

01 رجب المرجب 1443ھ / 24 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

97

نا محرم کا جھوٹا

سوال: کیا عورت نا محرم کا جھوٹا (بچا ہوا کھانا) کھا سکتی ہے؟

User ID: ام احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر معلوم ہو کہ یہ فلاں یا فلانی نا محرم کا جھوٹا ہے تو بطور لذت اس کو کھانا مکروہ ہے مگر یہ کراہت کھانے والے کے اعتبار سے ہے، اس کھانے کے اندر کوئی خرابی نہیں آئے گی یعنی کوئی اور کھانا چاہے تو حرج نہیں۔ اور اگر معلوم نہ ہو کہ کس نا محرم کا ہے یا معلوم ہو مگر بطور لذت نہ ہو تو بغیر کراہت کے جائز ہے۔ نا محرم پیر یا با عمل عالم ہو تو اس کا جھوٹا بطور تبرک کھانا بہتر ہے۔
(ماخوذا: بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 341)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

03 رجب المرجب 1443 ھ / 26 جنوری 2023ء

کاروبار

FARAZ ATTARI MADANI

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

98

جوئے کے مال سے کاروبار

سوال: اگر کسی نے جوئے سے ایک لاکھ کمائے اس سے کاروبار کرنا کیسا؟

User ID: فرحان قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جوا حرام اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے اور جوئے سے حاصل ہونے والا نفع بھی حرام ہے۔ لہذا جوئے کے مال کو کاروبار میں لگانا درست نہیں بلکہ جوئے سے حاصل ہونے والے مال کا حکم یہ ہے کہ جس سے لیا اسی کو واپس لوٹا دے، اگر وہ نہ رہا تو اس کے ورثاء کو دے اگر ان کا بھی کچھ پتا نہ ہو تو اس کی طرف سے بغیر ثواب کی نیت کے مستحق زکوۃ کو صدقہ کر دے۔ وقار الفتاوی میں ہے: "لہذا جو روپیہ جوئے کے ذریعے کمایا وہ حرام ہے اور اس ناجائز کمائی کے ذریعے جو کمایا گیا وہ بھی حرام ہے۔ جوئے میں روپیہ جس شخص سے حاصل کیا ہے اگر معلوم ہے تو اس کو لوٹا دیا جائے اور اگر معلوم نہ ہو تو جوئے میں حاصل کیا ہوا روپیہ اور وہ روپیہ بھی جو اس کے ذریعے سے حاصل کیا گیا، ایسے لوگوں پر جو مستحقین زکوۃ ہیں، بغیر نیت ثواب خرچ کر دیا جائے۔" (وقار الفتاوی، جلد 1، صفحہ 235)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 جمادی الاخر 1443ھ / 17 جنوری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

99 گراؤنڈ کرایہ پر دینا

سوال: گھنٹوں کے حساب سے گراؤنڈ کرکٹ یا فٹ بال کھیلنے والوں کو اجرت پر دینا کیسا؟

User ID: میلادرضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اپنی جگہ یا گراؤنڈ کرکٹ یا فٹ بال کھیلنے والوں کو اجرت پر دینا جائز ہے کیونکہ جگہ کا مالک تو اپنی جگہ کے منافع کے بدلے اجرت وصول کر رہا ہے، اس میں کئے جانے والے کام کی ذمہ داری جگہ کے مالک پر نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

25 جمادی الاخر 1443ھ / 18 جنوری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

100

مال وراثت میں حرام مال

سوال: اگر میت کی اولاد کو پتا ہو کہ کچھ کا کل کمائی سود سے تھی تو مال وراثت لینا کیسا؟

User ID: سمیرا میمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس مال کے بارے میں معلوم ہو کہ مرنے والے نے فلاں شخص سے سود میں لیا تھا تو وہ مال اس کو واپس کر دیا جائے، اسی طرح کسی مال کے متعلق الگ سے معین طور پر حرام ہونا معلوم ہو مگر کس سے لیا یہ معلوم نہیں تو اتنا مال شرعی فقیر کو صدقہ کر دیا جائے اور اگر مال سے متعلق یہ معلوم ہے کہ حرام ہے مگر کتنا اور کونسا مال حرام ہے یہ معلوم نہیں یعنی مال کے بارے میں معین طور پر حرام ہونا معلوم نہ ہو تو اس مال کو وارثین رکھ سکتے ہیں مگر افضل یہ ہے کہ اس کو صدقہ کر دیا جائے۔ (ملخصا: ماہنامہ فیضان مدینہ، اپریل 2018)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

01 رجب المرجب 1443ھ / 24 جنوری 2023ء